| 3. Pakistan Telecommunication Authority. | Rs.18,333,000/- | Rs. 18,333,000/- |
| 4. National Mass Transit Authority(NMTA). | Rs.625,000,000/- | Nil. |
| 5. National Transport Research Centre. | Rs.4,035,000/- | Rs.4,035,000/= |
| 6. Special Communications Organisation. | Rs.500,000,000/- | Rs.500,000,000/= |
| TOTAL: | Rs.1,192,368,000/- | Rs.545,368,000/- |

Mr.Chairman: Supplementary question.

چوہدری محمد انور بھنڈر : جناب والا! میں یہ دریافت کرنا چاہوں گا کہ ایک تھوڑا سا confusion ہے، ممکن ہے میں درست نہ سمجھا ہوں۔ "اے" میں ٹوٹل 1998-99 کا دیا گیا تھا جناب والا! 3.6 بلین اور یہاں جو ٹوٹل amount pend ہے وہ اس سے زیادہ ہے، لیکن آپ نے (c) کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے، اس کا جواب یہ ہے that the total amount which the Ministry could not spend اس میں تو یہ نہیں آ سکتا، یہ تو زیادہ خرچ کیا ہے۔ آپ نے خرچ زیادہ کیا اور کہا یہ کہ ہم خرچ نہیں کر سکے، ایک تو یہ تضاد ہے۔

دوسرا میں یہ معلوم کرنا چاہوں گا کہ آپ total development grant کی جو کہ ایک ارب 19 کروڑ something تھی تو آپ نے 54 کروڑ اس میں سے

خرچ کیا ہے، تقریباً پچاس فیصد خرچ کیا ہے، اس کی کیا وجوہات ہیں؟

جناب چیئرمین، وزیر برائے مواصلات۔

راجہ نادر پرویز خان، جناب والا! سب سے پہلے جو ہمیں بجٹ grant ملی وہ 3.60 billion روپے یعنی جو ہم نے خرچ کی وہ 3.61 بلین تھی، تو جو انہوں نے clause (c) میں کہا ہے that is 3.5 million جو amount surrender کیا ہے تو اس کی وجوہات بھی میں نے آگے دی ہوئی ہیں۔

جناب والا! بنیادی طور پر جو تضاد آیا ہے وہ اگر آپ clause (d) میں دیکھیں تو special communication organization جس کو ہم SCO کہتے ہیں، جو ہمارے شمالی علاقہ جات، آزاد کشمیر اور less developed areas میں جو persons ہمارے ساتھ communication میں کام کر رہے ہیں، وہاں access کے لئے ہم نے تقریباً 20 ملین خرچ کر دیا۔ جناب! یہ اس لئے ہوا کہ army pays میں raise دی گئی۔ یہ سارا ایریا جو cover کر رہے ہیں، شمالی علاقہ جات، آزاد کشمیر اور less developed areas میں جو لوگ ہمارے ساتھ کام کر رہے ہیں، ان کی تنخواہ اور الاؤنسز، maintenance وغیرہ میں اضافہ کی وجہ سے ہے۔

جناب محمد زاہد خان، جناب والا! یہ جواب نہیں ہوتے۔ یہ تو لمبی تقریریں ہوتی ہیں۔ اس طرح تو وقت ضائع ہوتا ہے۔ وزراء صاحبان کو آپ اتنا وقت دے دیتے ہیں، آپ کی نرمی سے وہ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، سوال کا جواب تو وہ دیں گے، میں اب کیا کروں اس میں۔

جناب محمد زاہد خان، جناب والا! ان کو جواب تک محدود کریں، کشمیر سے شروع ہوتے ہیں اور کراچی تک چلے جاتے ہیں۔

راجہ نادر پرویز خان، جناب والا! میں کوشش کروں گا کہ ان کو مطمئن

کروں۔ کوشش تو یہی ہوتی ہے to satisfy the honourable member اور جب

یہ سوال کرتے ہیں تو ہمیں بھی اجازت دیں کہ ہم جواب دے سکیں۔ So, I have

جو کہ got all the data, last part of the question, that was

خرچ ہوا اور جو اتنا دیا گیا development fund ' تھے development charges

ہے وہ قریباً آدھا ہے' آدھے سے تھوڑا سا زیادہ۔ جناب ! اس کی دو وجوہات ہیں if

than the ہوا کم amount utilized جہاں we go to the annexure V,

ملین چالیس میں جس amount sanctioned, the first is port and shipping

تھا' اس میں اٹھارہ ملین ہم نے utilize کیا۔ اس کی وجوہات کیا تھیں؛ کیوں نہیں ہم

نے پورا utilize کیا' باقی جگہوں پر ہم نے کیا ہے' اس جگہ پر ہم کیوں نہیں کر سکے۔

First sir, that the funds were not released in time. Secondly, there

were financial constraints due to the policy and restrictions due

پر ہم نے آر بی سی تیسرے to the previous nuclear explosion.

ice جو نے ہم کیونکہ due to the foreign exchange ' تھیں لگائی restrictions

all the equipment had to be ' تھا لگانا cold storage یا تھا لگانا plant

اوپر ہمارے ' تھیں financial constraints یہ اور imported from abroad

utilize ہم ملین اٹھارہ یہ سے وجہ کی اس ' تھیں لگائی sanctions or restrictions

نہیں کر سکے۔

that is ہے پر ۴ نمبر وہ ' سکے کر نہیں utilize ہم جو جگہ دوسری

ہو نہیں financially close یہ کیونکہ National Mass Transit Authority

سکا۔

Mr. Chairman: I think the airconditioning is in awful state today

چیئرمین کمیٹی کون ہیں سی ڈی اے کے he should look into this کہ کیا بات ہے۔ سیکرٹری کو تو میں نے پہلے ہی کہا ہے but I would like the Standing Committee on CDA to also call the Chairman CDA and find out what is the problem?

راجہ صاحب ! یہ ائرکنڈیشننگ آپ دیکھ لیں۔ آج اس کی بہت ہی بری حالت ہے۔ I would be grateful if you could call the Chairman CDA today and ask him what is the problem.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب ! میری بات سنیں، ایک شخص ہے، ایک بندہ ان کا blue eyed بن جاتا ہے، وہ چیئرمین سی ڈی اے بھی ہے، چیف کمشنر بھی ہے، اس کو Interior Division میں ایک حصہ کو الگ ڈویژن قرار دے کر سیکرٹری بھی بنا رہے ہیں، اس پر کیا اثر ہو گا۔ جب اس قسم کے لوگ ان پوسٹوں پر بیٹھے ہوں گے تو ہمارا یہی حشر کریں گے۔ کمشنر بھی وہی ہے، چیئرمین بھی وہی ہے، پھر اس کے لئے ایک ڈویژن create کر کے اس کو سیکرٹری بھی بنا رہے ہیں، آپ کیا کر رہے ہیں ہمارے ساتھ؟

جناب چیئرمین، میں یہی کہہ رہا ہوں کہ ہو سکتا ہے ان کو کوئی دقت ہو، what I am saying کہ ہو سکتا ہے کوئی دقت ہو، We want to find out, so that we can help out اگر کوئی فنڈز کی کمی ہے پتہ تو چلے کہ مسئلہ کیا ہے۔؟

ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب والا! جو اس حکومت کے چہیتے ہیں، ان کو protect کرنے کے لئے یہ سب کچھ کررہے ہیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک آدمی چیف کمشنر بھی ہو، چیئرمین سی ڈی اے بھی ہو، اس کے لئے آپ ایک الگ ڈویژن بنا کر اس کو سیکرٹری بھی بنا رہے ہوں۔ وہ ہماری بات کیا سنے گا؟ ہمیں تو وہ اسی طرح بلڈوز کر کے چلا جائے گا۔

جناب حبیب جالب بلوچ، جناب والا! یہ assurance دے دیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جب آپ اس قسم کے لوگ بٹھائیں گے تو وہ یہی حشر کریں گے ہمارے ساتھ۔

جناب چیئرمین، ٹھیک ہے۔ ان حالات میں کام کرنا مشکل ہو رہا ہے۔

راجہ نادر پرویز صاحب۔

راجہ نادر پرویزخان، جناب والا! جہاں ہمیں development grants دی گئی تھیں، سوائے دو کے باقی جگہوں پر سب utilize ہو چکی ہیں پہلی وجہ میں بتا چکا ہوں کہ پورٹ اینڈ شپنگ میں کیوں نہیں utilize ہو سکی، دوسرا میں نے بتا دیا کہ National Mass Transit Authority میں کیونکہ financially close نہیں ہوئے، اس لئے وہاں پر خرچ نہیں ہو سکا۔ That is the only reason.

جناب چیئرمین، فرمائیے۔

سید اقبال حیدر، جناب والا! اس گرانٹ کے باوجود بھی انہوں نے over expenditure کیا ہے، جبکہ ان کے جو departments ہیں وہ ایسے ہیں، بہت lucrative departments ہیں، جن کی billion of rupees میں income ہے۔ جیسے ان کا ایک department ہے Pakistan Telecommunication، دوسرا Pakistan Post Offices ہے، تیسرا ہے Port and Shipping. یہ ان کی منسٹری کے ماتحت ہیں۔ ان کی total income بھی ہو گی، وہ کتنی ہے؟

راجہ نادر پرویزخان، جناب والا! چونکہ سوال میں total income پوچھی نہیں گئی it has only on the budget which was sanctioned for the Ministry of Communications اس کا میں نے break up بتا دیا۔ جتنا utilize ہوا اس کا بتا دیا، جتنا development کے لئے دیا گیا تھا اور جتنا over spend ہوا ہے، اس کا بھی میں نے بتا دیا ہے۔ اس میں only over spent was in the

special communication organization جو کہ آزاد جموں وکشمیر ، شمالی علاقہ جات کو look after کرتی ہے which is specially taken over by the Ministry of Defence اور یہ ان کے ہی لوگ ہیں۔

جناب چیئرمین: صفدر عباسی صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب! میں وزیر صاحب کی توجہ اس طرف دلاؤں گا، بھنڈر صاحب نے بھی پہلے اس طرف توجہ دلائی ہے، لیکن میں دوبارہ ان کی توجہ دلاؤں گا۔ جناب! آپ دیکھیں کہ آپ کی development grants 1.1 billion تھیں اس سال کے لئے۔ آپ نے اس میں سے خرچ کیا ہے تقریباً 45 million. مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ سارے cutsdevelopment پر کیوں لگ رہے ہیں۔ آج ملک recession میں ہے، ہر کوئی چیخ رہا ہے تو جب تک گورنمنٹ اپنی development grants پوری utilize نہیں کر سکے گی تو آپ کس طرح لوگوں کو فوائد پہنچا سکیں گے۔ میرا آپ سے سوال یہ ہے کہ اس کی وجہ کیا ہے؟ جب ایک development grant آپ کو ملی تو کیا Ministry of Finance نے cut لگایا یا آپ اپنی محکمانہ نااہلی کی بنا پر utilize نہیں کر سکے۔

جناب چیئرمین: وزیر مواصلات۔

راجہ نادر پرویز خان: جناب! میں نے ایک دو منٹ پہلے اس سوال کا جواب دیا ہے، بھنڈر صاحب نے پوچھا تھا۔ It is very logical and very important question. جناب! جتنی بھی development grants ملیں ہم نے ساری utilize کی ہیں except two organizations میں، one is, Port and Shipping اور میں نے اس کی وجوہات بتائی تھیں کہ جہاں ۴۰ ملین ہمیں development grants ملیں ہم نے صرف اٹھارہ ملین استعمال کی۔ اگر annex-5 پر دیکھیں تو اس پر لکھا ہوا ہے۔ تو اس کی وجوہات یہ تھیں کہ funds were not

released in time. Second, financial constraints, third restrictions

کیونکہ جو ہم وہاں پلانٹس لگانا چاہتے by the Ministry, CBR and State Bank

foreign اور اس میں for the Gawadar Port that is the equipment تھے

for the ice plant and the cold storage plant. کی ضرورت تھی exchange

We could not use - کی وجہ سے foreign exchange تھی restriction یہ

that development funds. The second was National Mass Transit

ہم نہیں کر سکے۔ due to financial constraints جس میں Authority

**Mr. Chairman:** Thank you. End of Question Hour.

29.* **Mr. Muhammad Tahir Bizenjo:** Will the Minister for Communications be pleased to state whether it is a fact that National Highway Authority do not have supervisory staff and machinery for maintenance of Highways in Interior Balochistan?

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** Yes, it is a fact that National Highway Authority do not have supervisory staff and machinery for maintenance of National Highways in Interior Balochistan.

30.* **Mr. Muhammad Tahir Bizenjo:** Will the Minister for Communications be pleased to state the names and designations of the persons belonging to Balochistan province, working in National Highway Authority?

---

The question Hour is being over remaining questions and their answers will be placed on the table of the House.

Raja Nadir Pervaiz Khan: The list of 61 employees belonging to Balochistan Province containing their names and designations is attached as Annexure-A.

**Annexure-A**

**NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY**

**LIST OF EMPLOYEES BELONGING TO BALOCHISTAN PROVINCE**

| S.No. | Name | Designation |
|---|---|---|
| 1 | Brig ® Pervez Mehmood Khan | Member |
| 2 | Mr.Altamash Khan | Director(Engineer)/ Acting GM |
| 3 | Mr.Khalil Ahmad Mengal | Director(Engineer)/Acting GM |
| 4 | Mr.Razza Hamid Zaidi | Director(Engineer) |
| 5 | Maj ® Shahid Allauddin | Director(Engineer) |
| 6 | Mr.Saadullah Khan Tareen | Director(Engineer) |
| 7 | Mr.Muhammad Umar Shah | Dy. Director |
| 8 | Mr.Rahim Jan Kubdani | Dy. Director(Admn) |
| 9 | Mr.Muhammad Ayaz Khan | Dy. Director(Engineer) |
| 10 | Mr.Muhammad Ayub Badani | Dy. Director(Engineer) |
| 11 | Mr.Allah Dad Khan Tareen | Dy. Director(Accounts) |
| 12 | Mr.Atta ur Rehman | Assistant Director (IS) |
| 13 | Mr.Muhammad Qasim Mandokhel | Assistant Director(Engineer) Daily Wages. |
| 14 | Mr.Salahuddin Mengal | Asstt. Director Daily-Wages. |
| 15 | Mr.Muhammad Qasim Sanjrani | Asstt. Director(Engineer) |
| 16 | Mr.Anjum Saeed Qazi | Inspector |
| 17 | Mr.Muhammad Rafique Shad | Suprintendent (Accounts) |
| 18 | Mr.Muhammad Nadir Shah | Suprintendent(Accounts) |
| 19 | Syed Saleh Shah | Supervisor (Land) Deputationist |
| 20 | Mr.Muhammad Musharaf | Stenotypist |
| 21 | Mr.Khalid Mehmood | Stenotypist |
| 22 | Mr.Abdul Rashid | Sub-Engineer (Daily Wages) |
| 23 | Mr.Muhammad Iqbal Khashkheli | UDC |
| 24 | Mr.Rizwan Rauf Baloch | LDC |
| 25 | Mr.Tariq Mehmood | LDC |
| 26 | Mr.Abdur Rehman | LDC |

| | | |
|---|---|---|
| 27 | Mr.Shadi Khan | Driver |
| 28 | Mr.Noor Ahmad | Driver |
| 29 | Mr.Luckmir Khan | Driver |
| 30 | Mr.Nasrullah | Driver |
| 31 | Mr.Fazal Muhammad | Driver |
| 32 | Mr.Abdul Ghani | Driver |
| 33 | Mr.Amanullah Khan | Driver (Deputationist) |
| 34 | Mr.Sadiq Ali | Driver |
| 35 | Mr.Muhammad Zakir | Driver |
| 36 | Mr.Muhammad Iqbal | Driver |
| 37 | Mr.Abdul Sattar | Chowkidar |
| 38 | Mr.Muhammad Ishaq Khan | Chowkidar |
| 39 | Mr.Amir Khamza | Chowkidar |
| 40 | Mr.Amanullah | Chowkidar |
| 41 | Mr.Amanullah | Chowkidar |
| 42 | Pir Bukhsh | Chowkidar |
| 43 | Mr.Fida Muhammad | Chowkidar |
| 44 | Mr.Abdul Ghaffar | Chowkidar |
| 45 | Mr.Arz Muhammad | Chowkidar |
| 46 | Mr.Ghulam Hussain | Chowkidar |
| 47 | Mr.Abdul Aleem | Chowkidar |
| 48 | Mr.Sher Muhammad | Naib Qasid |
| 49 | Mr.Qasim | Naib Qasid |
| 50 | Mr.Zamir Khan | Naib Qasid |
| 51 | Mr.Sadiqullah | Naib Qasid |
| 52 | Mr.Abdul Jalal | Naib Qasid |
| 53 | Mr.Abdul Razzaq | Naib Qasid |
| 54 | Mr.Muhammad Anwar | Naib Qasid |
| 55 | Mr.Ghulam Sarwar | Naib Qasid |
| 56 | Mr.Sardar Muhammad | Naib Qasid |
| 57 | Mr.Abdul Nabi | Naib Qasid |
| 58 | Mr.Muhammad Akbar | Naib Qasid |
| 59 | Mr.Amanullah Khan | Naib Qasid |
| 60 | Mr.Abdul Majeed | Helper |
| 61 | Mr.Muhammad Aslam | Helper |

31.* **Mr. Muhammad Tahir Bizenjo:** Will the Minister for Communications be pleased to state;

(a) the time by which Mansehra-Balakot Road, will be completed; and

(b) whether is it fact that this road will be connected with Northern Areas?

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** (a) The scheduled completion date of Mansehra-Balakot road section is 30-9-1999.

(b) There is a proposal to connect

Mansehra-Naran-Jalkhad road with KKH at Chilas.

32 . * Mr . Aftab Ahmed Sheikh: Will the Minister for Communications be pleased to state;

(a) whether it is a fact that Pakistan Post Office Department Karachi allotted plots to Postmen in Sohrab Goth , Sector 13, Karachi in 1981;

(b) whether it is also a fact that these plots were resold to the general public , lateron , by Karachi Development Authority without intimating the previous allottees; and

(c) whether there is any proposal under consideration of the Government to hand over these plots to the allottees of post office department,if so, when?

Raja Nadir Pervaiz Khan: (a) There is nothing on record that Pakistan Post Office Department , Karachi ever allotted plots to the Postmen in Sohrab Goth , Sector No . 13 , Karachi in 1981.

(b) This office is not aware whether any such plots were resold to the General Public by Karachi Development Authority.

(c) No question of any proposal mentioned in the question arise in view of reply to question (a) and (b).

34 . * Mr . Haji Gul Afridi: Will the Minister for

Communications be pleased to state whether it is fact that a digital telephone exchange of 500 lines has been approved for village Tor Chhapar, Darra Adam Khel, if so, the time by which work on the said exchange will be started?

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** Partically yes, a 200 lines digital telephone exchange stands approved for village Tor Chhapar.

The work of construction of building and laying of underground cables is in progress. Exchange is expected to be commisioned in the next financial year.

35. * **Mr. Haji Gul Afridi:** Will the Minister for Communications be pleased to state the expected date of inauguration of Kotel tunnel indicating also the place where inauguration will take place and the authority which is likely to inaugurate the said tunnel?

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** The ground breaking ceremony of Kohat Tunnel is likely to be held in the 2nd week of July 1999 by the Prime Minister of Pakistan. The exact location will be decided shortly.

36. * **Mr. Sadaqat Ali Jatoi:** Will the Minister for Communications be pleased to state;

(a) the total length of roads constructed/repaired by

NHA, since June 1996, with province-wise break-up; and

(b) the total length of roads proposed to be constructed by NHA in near future with province-wise break-up?

Raja Nadir Pervaiz Khan: (a) The Province-wise break-up of total length of roads constructed by NHAafter June 1996 is at Annexure-A.

(b)The Province-wise break-up of total length of roads proposed to be constructed by NHA in near future is at Annexure-B.

**Annexure-B**

PROVINCE-WISE BREAK-UP OF TOTAL LENGTH OF ROADS PROPOSED TO BE CONSTRUCTED BY NHA IN NEAR FUTURE

| | Motorways/ Expressway | Addl. Carriageway/ New Construction | Rehabilitation | Total |
|---|---|---|---|---|
| Punjab | 92.5 | 171 | 273.2 | 536.7 |
| Sindh | 304 | — | — | 304 |
| NWFP | 46 | — | 314 | 360 |
| Balochistan | 792 | 789 | 1409 | 2990 |
| Northern Area | — | — | 616 | 616 |
| Total : | 1234.5 | 960 | 2612.2 | 4806.7 |

37 . * Mr . Bashir Ahmed Matta: Will the Minister for Communications be pleased to state whether it is a fact that the work of widening/improvement of the G . T . road from Chablat to Nowshera has been delayed , if so , its reasons and the time by which it will now be completed.

Raja Nadir Pervaiz Khan: Yes , it has been delayed due to the following reasons:

(i) Scarcity of funds.

(ii) Mismanagement of Contractor.

Time for completion of the project is as under:-

(i) Chablat-Khairabad August, 1999.

(ii) Khairabad-Nowshera December,2000.

(iii) Bridge over Indus River at Khairabad.June,2001.

38 . * Dr . Safdar Ali Abbasi: Will the Minister for Communication be pleased to state;

(a) the number , names and designation of the persons appointed in grade 1-15 in the Pakistan Postal Department on contingent , adho cordaily basis during the period of ban imposed by the present Government on recruitment;

(b) whether the ban was relaxed by the competent authority while making these recruitments , if so , the authority which approved these appointments; and

(c) whether it is a fact that rules were not observed for these appointments?

Raja Nadir Pervaiz Khan : Information is being collected and will be placed on the table of the House as soon as possible.

39 . * Mr . Muhammad Zahid Khan: Will the Minister for Communications be pleased to state;

(a) whether it is a fact that Thokar Niaz Baig inter-change (Lahore) was not a part of Motorway or the National Highway , if so , the reasons for taking over this interchange by the Federal Government;

(b) the date on which tenders were called for the construction of the said interchange and the particulars of the

contractors participated in the tenders; and

(c) the name of contractor whom the contract has been awarded?

Raja Nadir Pervaiz Khan: (a) It is not an Interchange but only the improvement of an at-grade intersection on National Highway N-5 near Tokhar Niaz Baig. The work was undertaken by NHA to ease out the traffic flow from Lahore city to make use of the motorway.

(b) The tenders were opened on following dates:

- Civil Works. February 16,1999.

- Electrical Works.April 5, 1999.

The following Contractors participated in the tendering:

Civil Works.

(i) M/s. Sarwar & Co.

(ii) M/s. Builde Co.

(iii) M/s. SKB.

(iv) M/s. Zee Khan Associates.

(v) M/s. Husnain Const. Co.

Electrical Works

(i) M/s. Siemens.

(ii) M/s. Philips.

(iii) M/s. Shafiq Const. Co.

(c) Civil Works. - The work was awarded to the lowest bidder M/s. Builde Co.

Electrical Works. - The works was awarded to the lowest bidder M/s. Siemens.

40.* Mr. Muhammad Zahid Khan: Will the Minister for Communications be pleased to refer to the Senate starred question No.127 replied on 7th May,1999 and state;

(a) the details of extension granted in the completion date of Jablat-Nowshera road indicating also the reasons for extension; and

(b) whether the contractors of the said project were fined for not completing the work in time, if so, its details and if not, its reasons ?

Raja Nadir Pervaiz Khan: (a) The following extensions have been granted for completion of Chablat-Nowshera (ACW) N-5 Project:

(i) Original completion.

date 6th May,1995.

(ii) Ist Extension.

7th May,1995 to 6th November,1996.

(iii) 2nd Extension.

6th November1996 to 6th November,1998.

(iv) 3rd Extension.

6th November,1998 to 31st August,1999.

(b) No. The Contractor China Petroleum Engineering corporation was not penalized as delay in completion of the project was also due to lack of funding for the project in the previous years.

41. *Mr. Muhammad Zahid Khan: Will the Minister for Communications be pleased to refer to the Senate starred question No.126 replied on 7th May,1999 and state;

(a) the details of extension granted in the completion date of Indus Highway indicating also the reasons for extension; and

(b) whether the contractors of the said project were fined for not completing the work in time, if so, its details and if not its reasons?

Raja Nadir Pervaiz Khan: (a) The details of extensions granted in the completion dates of all ten contracts of Indus Highway projects is attached at Annex-I. The main reasons for these extensions was the financial crunch and NHA could not pay the contractors in time due to which the contractors faced serious cash flow problems. The otherreason was additional works through variation orders and delay in

removal of utilities in the Right of Way.

(b) The contractors were not fined for not completing the work in time due to above reasons.

**Annexure-I**

## INDUS HIGHWAY PROJECT

| Contract Section | Date of Start | Original Completion | Extension Granted | Present Status |
|---|---|---|---|---|
| **PHASE-I** | | | | |
| Contract No.1 (Kotri - Manjhand) (57.7 KM) | 28-2-94 | 28-2-96 | 30.6.98 | Completed in Jan,1999 |
| Contract No.2 (Manjhand-Sehwan) (70.2 KM) | 27-6-95 | 26-6-97 | 30.6.99 | Expected Completion by June, 1999 |
| Contract No.13 (Peshawar-Karappa) (54 KM) | 7-11-91 | 6.11.94 | | Completed in Oct, 1995 and taken over by NHA in Oct, 1998 |
| **PHASE-II** | | | | |
| Contract No.5 (Ratodero-Ghauspur) (98 KM) | 13.4.93 | 12.7.95 | 31.3.99 | Substantially Completed in Oct, 1998 |
| Contract No.6 (Ghauspur - Shori Nullah) (76 KM) | 24.1.93 | 23.7.95 | 31.12.97 | Completed in Oct, 1997 and taken over by NHA in Oct, 1998 |
| Contract No.7 (Shori Nullah - Rajanpur) (96.4 KM) | 24.1.93 | 23.7.95 | 31.5.99 | Substantially Completed in July, 1998 |
| Contract No.9 (D. G. Khan - Retra Jn.) (113 KM) | 29.6.93 | 30.9.95 | 31.7.99 | Expected Completion by July, 1999 |
| Contract No.10 (Retra Junction - Malana Jn.) (85 KM) | 30.6.93 | 30.9.95 | 31.5.99 | Expected Completion by June, 1999 |
| Contract No.12A (Sarai Gambila - Karak) (60 KM) | 24.1.93 | 23.1.95 | 31.1.98 | Completed in March, 1998 and taken over by NHA in May, 1999 |
| Contract No.12B (Karak - Karappa Chowk) (36 KM) | 23.6.94 | 22.6.96 | 31.12.98 | Expected Completion by July, 1999 |

42 . * **Dr . Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Communications be pleased to state;

(a) the number of applications received in telephone exchange Garyala , District Mardan , for new telephone connections in the vicinity of Muhammad Abad since June , 1993; and

(b) the number of the said applications pending , the reasons for pendency and the time by which telephone connections will be provided these applicants?

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** (a) Total applications received 12 since 1993.

(b) No application is pending.

43 . * . **Dr . Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Communications be pleased to state;

(a) whether it is a fact that the telephone facility was recently provided to the residents of village Chak No . 70(Nawan Kot) Tehsil Ahmed Pur , District Sheikhupura from telephone exchange mandi dhabansingh;

(b) whether it is also a fact that the said facility has been withdrawn, if so, its reasons; and

(c) the time by which the said facility will be restored?

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** (a) Yes.

(b) The facility has not been withdrawn but due to malicious cut of self supported aerial cable telephones became inoperative.

(c) By end of July 1999 through underground cable, work on which is in progress.

44.* **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Communications be pleased to state;

(a) the details of the portions of indus super highway completed/not completed so far separately; and

(b) the time by which the remaining portions of the said highway will be completed?

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** The portions of Indus Highway Project which have been completed are as under:-

(i) Contract No. 1 (Kotri-Manjhand) (58 Km)-Substantially completed in January 1999 and will be taken over by NHA after expiry of Maintenance Period in January,2000.

(ii) Contract No. 5(Ratodero-Ghauspur) (98Km)-Sustantially completed in October, 1998 and will be taken over by NHA after expiry of Maintenance Period in October,1999.

(iii) Contract No. 6(Ghauspur-Shori Nullah)(77Km)-Taken over by NHA in May,1998.

(iv) Contract No . 12-A(Sarai Gambila-Karak)(60Km)- Taken over by NHA in May,1999.

(v) Contract No . 12-B(Karak-KarapaChowk(36 Km)- Substantially completed in March,1999.

(vi) Contract No . 13(Karappa Chowk-Badabher)(54 Km)- Taken over by NHA in October,1998.

The portions of Indus Highway Project not yet completed are as under:-

(i) Contract No . 2(Manjhand-Sehwan)(70 Km)-61 Km completed. Work on 9 Km in progress.

(ii) Contract No . 7(Shori-Nullah-Rajanpur)(96 Km)-83 Km completed. Work on 13 Km in progress.

(iii) Contract No.9(D.G.Khan-Retra Jn.)(113 Km)-81 Km completed.

(iv) Contract No.10(Retra Jn-Malana Jn)(85 Km)-95% work completed.

(b) The remaining portions of Indus Highway Project shall be completed by end of this year.

45 . ***Mr . Habib Jalib Baloch:** Will the Minister for Education be pleased to state;

(a) the funds allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the " consolidated project

for University of Balochistan'" and

(b) the funds released for the project during the said period?

**Minister for Education:** (a) An amount of Rs. 1.025 million has been allocated in the Public Sector Development Programme 1998-99 against the " consolidated project of University of Balochistan" for 8th Plan (1993-98).

(b) An amount of Rs. 1.025 million provided in Public Sector Development Programme 1998-99 have been released against the project.

47. ***Mr. Habib Jalib Baloch:** Will the Minister for Education be pleased to state;

(a) the funds allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the immediate requirements of University of Balochistan; and

(b) the funds relased for the project during the said period?

**Minister for Education:** An amount of Rs. 1.404 million has been allocated in the Public Sector Development Programme 1998-99 for " Immediate Needs of the University of Balochistan".

(b) The funds allocated in the Public Sector

Development Programme 1998-99 has totally been released in four installments.

47-A*Mr . Aftab Ahmed Sheikh: Will the Minister for Communications be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government for the construction of Wazirabad-Sialkot road, if so, its details?

Raja Nadir Pervaiz Khan: Wazirabad-Sialkot Road is a provincial highway and this question pertains to Punjab Highway Department.

Mr.Chairman: Leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جناب محمد جاوید مینگل نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : کیپٹن (ریٹائرڈ) حلیم صدیقی نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری مصروفیات کی بنا پر کراچی میں ہیں لہٰذا وہ آج ۳۰ جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

جناب چیئرمین : جناب بشیر مٹہ صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹہ : جناب ہمارا جو بجلی کا net profit کا مسئلہ ہے وہ بہت زیادہ ہمیں دقت دے رہا ہے کیونکہ ہمارے صوبے کے جو وسائل ہیں ان میں سب سے بڑا وسیلہ ہائیڈل بجلی کا منافع ہے۔ مرکزی حکومت نے یہ اصول 73 سے آئین میں تسلیم کیا اور اس وقت سے لے کر اب تک وہ اس کو honour نہیں کر

رہی ہے that obligation which they have to honour under the Constitution. جب ہم نے اجلاس requisition کیا تو اس میں یہ بھی تھا کہ اس issue کو لیا جائے۔

آپ نے آج اخبار میں دیکھا ہو گا کہ ہمارے صوبے کا بجٹ رکا ہوا ہے۔

because there is confusion with regard to their obligation and also with regard to the calculation of the amount on which they are not being fair to us.

تو اس پر میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آپ فوراً اس مسئلے کو لے لیں تاکہ---

جناب چیئرمین، یہ آپ بتائیں کہ آج کیا کرنا ہے۔

because according to the programme agreed upon we will take up whatever we had agreed upon.

جناب بشیر احمد مٹہ، اسی کو لے لیں، میں یہی عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین، چلیں وہ لے لیں۔ باقی معاملہ ختم ہو گیا، finish?

(*interruption*)

جناب چیئرمین، نہیں، مجھے آپ بتائیں کہ کیا کرنا ہے because you know that we had agreed that we will take up certain items on Thursday, آپ بتائیں۔

جناب بشیر احمد مٹہ، جناب today is the last day to pass the budget. You know that the Frontier Assembly has not passed the Budget yesterday. They have deferred it till today.

ابھی آپ فیصلہ نہ کریں۔ ہم اپنے صوبے کے نمائندے ہیں۔ یہاں پر بیٹھے ہیں اور

federation کی بات کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین ، جی فرمائیے رضا صاحب ! what should we do? رضا ربانی صاحب۔

میاں رضا ربانی ، میرا یہ خیال ہے کہ کل کی debate تو ابھی چل رہی ہے لیکن یہ فوری نوعیت کا مسئلہ ہے اور مزید یہ ہے کہ اگر آج اس پر سینٹ میں بحث نہیں ہوگی تو کل اس کا فائدہ نہیں ہوگا۔ تمام اپوزیشن کی طرف سے گزارش یہی ہوگی کہ اس debate کو کل پر لے جاتے ہیں یا اگر آج یہ مسئلہ پہلے ختم ہو جاتا ہے then we can continue with our debate on Kargil لیکن پہلے اس ایشو کو لے لیں۔

جناب چیئرمین، کیوں راجہ صاحب ! آپ کی کیا تجویز ہے ؟

راجہ محمد ظفرالحق ، مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن فنانس کے وزیر کا یہاں ہونا ضروری ہے۔ لہذٰا اگر یہ بحث ختم ہو جائے جو چل رہی ہے تو اس دوران میں ان سے بھی contact کر لیتا ہوں کہ وہ بھی اس معاملے میں participate کرنے کے لیے آ جائیں کیونکہ اس کے بغیر معاملہ حل نہیں ہو گا۔

میاں رضا ربانی ، مسئلہ یہ ہے کہ the Minister should be available when both the Houses are in Session.

جناب چیئرمین ، اب فنانس منسٹر is busy in all these things. اس کو پتہ ہو، اگر commitment ہو then we can hold him responsible لیکن اگر----

میاں رضا ربانی ، میرا یہ خیال ہے کہ اس مسئلہ پر بحث شروع کروا دیں، in the mean time راجہ صاحب فنانس منسٹر کو کہہ دیں۔

راجہ محمد ظفرالحق ، نہیں، میں کہہ رہا ہوں کہ وہ موجود ہوں تو بحث ہو

ورنہ ویسے بحث کرنے کا فائدہ نہیں۔

میاں رضا ربانی۔ جناب! واپڈا کا ہے، واپڈا کے Minister کو بلوا لیں، Water and Power Minister کو بلوا لیں۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ تو پھر اس طرح کرتے ہیں کہ جو بحث پہلے چل رہی ہے، وہ بھی conclude ہونے والی ہے، اب اس میں زیادہ تعداد نہیں رہ گئی ہے۔

جناب چیئرمین۔ میرا خیال ہے اس طرح کرتے ہیں کہ اب گیارہ بجے ہیں، let us conclude it about twelve and then the next گھنٹہ آپ اس پر کرلیں۔ ٹھیک ہے۔

Now, we will conclude whether anybody speaks or not. So, now, we will conclude at twelve, thank you.

تو پانچ پانچ منٹ کر کے we will conclude everything. جی جناب who has to speak now. کس نے بولنا تھا، مجھے دکھائیں۔ یہ لسٹ ہے، اس پر تو خدائے نور صاحب کا نام ہے، خدائے نور صاحب نہیں ہیں تو خدائے نور cancel. O.K. صاحب کے بعد مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب، وہ بیٹھے ہیں، مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! میں request کروں گا، مجھے PC بھی جانا ہے، صرف دو، تین منٹ لوں گا۔

جناب چیئرمین۔ چلیں مولانا صاحب! ان کو پانچ منٹ کے لئے موقع دے دیں پھر آپ بول لیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ مولانا صاحب تو تفصیلاً تقریر کریں گے۔

جناب چیئرمین۔ اچھا۔ حبیب جالب صاحب۔

# FURTHER DISCUSSION ON KARGIL SITUATION.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! کارگل کا جو issue ہے، کارگل کے سنگلاخ پہاڑوں کی بلند بانگ چوٹیوں سے ابھرنے والے ان crisis کے اسباب جاننا بہت ضروری ہیں۔ میں اس detail میں نہیں جانا چاہتا کہ کارگل یا لداخ historically کس کا portion تھا، بعد میں کیسے ہوا، line of demarcation کیوں کھینچی گئی، سیاچین کو انہوں نے اپنے control میں رکھنے کی کوشش کیوں کی اور قراقرم Highway کو کیسے کھولنا چاہتے ہیں، ظاہر ہے یہ national interest کی بات ہے۔ یہ کچھ ایسے questions ہیں جن پر میں highlight نہیں کرنا چاہتا لیکن میں صرف چند ایک نکات پر concentrate کرنا چاہتا ہوں۔

جو basic cause ہے، جو main cause of conflict between two nations یا two countries ہے وہ کشمیر کا issue ہے۔ کشمیر کے issue پر دونوں countries کا confused stand ہے۔ انڈیا نے UNO کی قراردادوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے، عوام کے حق خودارادیت کو نہ مانتے ہوئے اور اس historical perspective میں جو independent statement تھی 1947 کی، اس کی بھی خلاف ورزی کرتے ہوئے، انڈیا نے کشمیر کو بدستور اپنے قبضے میں رکھا ہے، Kashmir is now occupied Kashmir, جب ہم کہتے ہیں کہ یہ occupied کشمیر ہے تو اس کا مطلب ہے کہ کشمیر is a colony of India اور جب وہ انڈیا کی colony ہے تو Kashmiris کو right of self-determination including the right of succession حاصل ہے۔

دوسری جانب پاکستان کا stand بھی انتہائی confused ہے۔ پاکستان کا stand یہ ہے کہ وہ کشمیر کے حق خود ارادیت کی بات کرتا ہے لیکن right of succession کی بجائے وہ right of inclusion کی بات کرتا ہے یعنی کشمیر

ہندوستان سے الگ ہو گا لیکن پاکستان کا حصہ بنے گا۔ International diplomacy
میں کشمیر کے stand پر پاکستان کا موقف weak نظر آتا ہے اس حوالے سے کیونکہ
اگر کشمیر کے حق خود ارادیت کی بات ہے' UNO کے charter کے مطابق دینے کی
بات ہے اور 1954 کے UNO کے اس فیصلے کی روشنی میں plebiscite کا right ان
کو حاصل ہے تو clear cut پاکستان کو کشمیر کے لئے right of
sefl-determination including right of succession کا مطالبہ کرنا چاہئیے
اور یہ وہ stand ہے جس میں میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی side پر confusion
موجود ہے کیونکہ میں نے اکثر یہ بینر دیکھے ہیں کہ کشمیر بنے گا پاکستان ' جب آپ
کہتے ہیں کہ کشمیر بنے گا پاکستان تو ہندوستان کہتا ہے کہ میں کشمیر رکھوں گا اور
آپ کہتے ہیں کہ میں اپنی طرف لے جانا چاہتا ہوں۔ اس میں دو policies سامنے آرہی
ہیں اور وہ ہیں expansion policies, توسیع پسندانہ پالیسی ' policy of colonism,
end of the 20th century جب یہ بات ہو گی تو international diplomacy
میں آپ کی بات کو say حاصل نہیں ہوگی۔ آپ کے stand یا آپ کے موقف کو
تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ لہذا' کشمیر کے حق خودارادیت کی بات مکمل ہونی چاہئیے اور
دوسرا اس سلسلے میں پاکستان کا stand کند ہے' کمزور ہے' vague ہے۔ جو لوگ
کارگل میں خود لڑ رہے ہیں وہ کل یہاں یہ کہہ رہے تھے' ہمیں صرف ان کی moral
اور political support کرنی چاہئیے اس کا مطلب ہے آپ کا stand Kashmir
issue پر انتہائی کمزور ہے ۔ بین الاقوامی طور پر آپ نے دیکھا ہے کہ ایسے مسائل کو
حل کرنے کے لئے یو این او کے موجود ہے' گو کہ ایک طرف سلامتی کونسل کو بڑی
طاقتیں استعمال کرتے ہوئے بہت سے بین الاقوامی مسائل کو حل کر رہی ہیں لیکن
کوسوو crisis کو جی ایٹ ممالک اور دوسرے ممالک نے کسی حد تک under
auspices of the UNO حل کرنے کی کوشش کی تھی۔ وہ ایک ایسا crisis تھا جو

develop ہوا اور بڑھا لیکن ان ممالک کا stand clear cut اور واضح تھا ۔ دراصل نواز شریف کشمیر کے مسئلے سے بالکل back out کر رہا ہے۔ جب آپ کہہ رہے ہیں کہ صرف moral & political support دے رہے ہیں' لڑتے بھی ہیں اور کہتے ہیں moral & political support ہے' بندے بھی بھیجتے ہیں اور کہتے ہیں moral and political support دے رہے ہیں' یہ کیا stand ہے۔ Clear cut کہیں کہ اگر کشمیر میں تشدد ہوگا ' کشمیر کے لوگوں کو plebiscite نہیں دیا جائے گا ' کشمیر کے لوگوں کو تہس نہس کیا جائے گا اور ان کو تباہ و برباد کیا جائے گا تو ہم لوگ خاموش نہیں رہ سکتے۔ کہتے ہیں کہ فلاں لائن آف کنٹرول کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔

سوال یہ ہے کہ انہوں نے شروع سے لائن آف کنٹرول کی خلاف ورزی کر رکھی ہے ۔ انہوں نے کشمیر کو غلام بنا رکھا ہے۔ آپ کا stand quite clear ہو ۔ جب آپ کا stand clear نہیں ہے تو International diplomacy میں آپ سے خامیاں سرزد ہوں گی ۔ جب آپ چین جائیں تو clear cut کہیں کہ کشمیر واحد ایسا ایشو ہے جس کو right of self-determination ملنا چاہیئے کیونکہ یہ دو ملکوں کے درمیان bone of contention ہے اور یہ main cause of conflict ہے' اس کو حل ہونا چاہیئے۔ International diplomacy میں' میں سمجھتا ہوں کہ واجپائی ایک extreme ہے اور نواز شریف دوسری extreme ہے ۔ دونوں نے جنگی جنونیت کو پھیلا رکھا ہے۔ دونوں نے ایسی mentality develop کی ہے کہ آپ لاکھ کہیں کہ آپ پرامن طریقے سے یہ مسئلہ حل کریں گے لیکن آ پ نے لوگوں کو پہلے سے جنگ کی طرف دھکیل رکھا ہے ۔ آپ یوم تکبیر ' یوم جشن مناتے ہیں ۔ آپ ایٹم بم بناتے ہیں اور اس کا جشن مناتے ہیں ۔ وہ میزائل بناتے ہیں ' آپ میزائل بناتے ہیں پھر ان کا جشن مناتے ہیں ۔ ان کے statue آپ

رکھتے ہیں ۔ آپ نے یہاں ایک جنگ کی سی صورتحال پیدا کر رکھی ہے ۔ جب آپ نے جنگ کی سی صورتحال پیدا کر رکھی ہے تو پرامن بقائے باہمی کی تقریر کچھ اثر انداز نہیں ہوگی۔ ہندوستان کے واجپائی نے الیکشن کی وجہ سے اپنی پوزیشن بہتر کرنے کے لئے، دوبارہ اقتدار میں آنے کے لئے یہ tempo raise کیا ہے کہ لائن آف کنٹرول کی خلاف ورزی کی جائے کیونکہ ان کے main مقاصد اور بھی ہیں جن کو آپ کو سمجھنا چاہیئے تھا ۔ جب آپ لاہور میں گلے مل رہے تھے، جب آپ بس سروس چلا رہے تھے تو آپ کو یہ بھی پتہ ہونا چاہیئے تھا کہ ان کی بغل میں کوئی چھری تو نہیں ہے ۔

انہوں نے اپنے فوری عزائم حاصل کرنے کے لئے یہ ہوا کھڑا کیا اور اسی بنیاد پر انہوں نے اپنا ملٹری بجٹ بڑھایا ۔ ایسا لگتا ہے کہ چاچے مامے کا تعلق ہے واجپائی اور نواز شریف کا۔ دونوں کا تعلق ہے انہوں نے واجپائی کو بچایا۔ اگر یہ ایٹمی دھماکہ ایک مہینہ لیٹ کرتے تو واجپائی international diplomacy میں بالکل isolate ہو جاتا اور ہندوستان دنیا میں عالمی terrorist country قرار دیا جاتا۔ انہوں نے اس کو بچایا کیونکہ چاچے مامے کا تعلق ہے ۔ اس وقت بھی بچایا اور اب بھی بچا رہے ہیں۔ یہ کشمیر کے کیس کو plead کرنے میں ناکام رہے ہیں ۔ ان کو انہیں internationally isolate کرنا چاہیئے تھا اور internal consensus develop کرنا چاہیئے تھا ، انہوں نے internal consensus بھی develop نہیں کیا ۔ ان حوالوں کے ساتھ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دونوں ممالک کے پاس ایٹمی قوت بھی موجود ہے ۔ انہوں نے جب ایٹمی دھماکہ کیا تو پھر انہوں نے بھی ایٹمی دھماکہ کیا، پھر کہا کہ اب balance ہوگیا، اب آئندہ کبھی جنگ نہیں ہوگی لیکن Line of Control پر جنگ شروع ہوگئی تو مطلب یہ ہے کہ deterrence theory کے نام پر آپ نے یہ سب کچھ کیا تھا۔ Kindly بین الاقوامی diplomacy میں کشمیر کے

ایشو کو ٹھیک ٹھاک اٹھایا جائے اور اگر آپ لڑنا بھی چاہتے ہیں تو اس کے لئے پہلے اس ملک میں consensus develop کریں۔ اگر لڑنا نہیں چاہتے تو اس طرح سے پالیسی رکھیں ، confused policy کے ساتھ کیا چلنا ، کہ لڑنا بھی ہے ، نہیں بھی لڑنا ، کشمیر آزاد بھی ہو ، آزاد نہ بھی ہو اور یہ speculation of Kashmir Issue کو اس لئے زندہ رکھنا چاہتے ہیں کہ اپنا ملٹری بجٹ بڑھائیں۔ وہ اس کو مزید اس لئے occupy رکھنا چاہتے ہیں کہ ان کا interest ہے ۔ تو ان دونوں صورتوں میں، میں کہتا ہوں کہ کشمیر کے ایشو پر مزید سٹے بازی کی اجازت نہیں دی جا سکتی ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ اس مسئلے کو پرامن طریقے سے حل کرنے کے لئے یو این او، جی ایٹ ممالک اور تمام دنیا کے ممالک کے پاس جایا جائے اور ہندوستان کی اس نئی پوزیشن کے بارے میں بتایا جائے کہ جس طرح سربوں نے کوسوو میں کیا اسی طرح یہ اب کشمیریوں کے ساتھ کرنا چاہتے ہیں۔ اس اہم ایشو کو پروجیکٹ کیا جائے ۔ شکریہ۔

**جناب چیئرمین :** بہت مہربانی۔ I must pay compliment کیونکہ آپ نے مقررہ وقت میں ساری باتیں کہہ دی ہیں۔ مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب۔

**مولانا محمد عبدالستار خان نیازی:** جناب چیئرمین صاحب! مسئلہ کشمیر سے متعلق سب سے پہلے آپ کو نظریہ پاکستان پر غور کرنا ہوگا۔ یہ واضح حقیقت ہے کہ یہ قرار دیا گیا تھا کہ جہاں پر جس قوم کی اکثریت ہو وہ ان کے ملک میں شامل ہوگا مگر راجہ ہری سنگھ نے کشمیر کا الحاق پاکستان کی بجائے ہندوستان کے ساتھ کر دیا۔ جس کے بعد کشمیر میں جنگ شروع ہوگئی۔ ہمارے قبائل چلے گئے۔ جنگ ہوتی رہی۔ اسوقت نہرو سیکورٹی کونسل میں بھاگ کر گیا کہ سیز فائر کرو، سیز فائر کرو۔ چنانچہ اس وقت یہ قرار پایا کہ استصواب رائے ہوگا۔ ریفرنڈم ہوگا۔ اس وقت ہندوستان کے سب لیڈروں نے کہا تھا کہ کشمیریوں سے باقاعدہ پوچھا جائے گا کہ وہ پاکستان کے ساتھ

شامل ہونا چاہتے یا ہندوستان کے ساتھ۔ مگر انہوں نے بزور بازو کشمیر پر قبضہ کر لیا۔
اب یہ لوگ پوچھ رہے ہیں کہ کیا آپ جنگ چاہتے ہیں۔ قرآن حکیم کا حکم ہے (عربی) تمھیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں جنگ نہیں کرتے۔ صورتحال یہ بن گئی ہے کہ عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کو قتل کیا جا رہا ہے اور تم خاموش بیٹھے ہوئے ہو۔ اٹھو اور ان کی مدد کرو۔

اس کے بعد دوسرا نقطہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے تمہیں خیر الامم بنایا ہے۔ (عربی) ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس اعتبار سے آپ کو حکم ہے۔ (عربی) اتنی قوت پیدا کرو اور جنگی تیاری کرو کہ تمہارے دین کے دشمن کانپتے رہیں اور لرزتے رہیں۔ جو منافقین ہیں وہ ڈرتے رہیں۔

تمہیں خیر الامم کا مقام دیا گیا ہے۔ رہی یہ بات کہ ہندوستان نے وہاں کے عوام پر ظلم کیا۔ ۷ لاکھ فوج وہاں پر بھیج دی۔ قتل و غارت شروع کر دی۔ ۷۰ ہزار کشمیریوں کو شہید کر دیا گیا۔ اتنے زخمی کر دیئے۔ اس سے زیادہ بے گھر کر دیئے۔ خواتین کی عزتیں لوٹ لی گئیں۔ دینی مراکز تباہ کر دیئے گئے۔ گھروں کو جلا دیا گیا جس سے مزاحمت شروع ہو گئی۔ ۱۱ سال سے مزاحمت شروع ہے۔ کارگل کی کارروائی ان کا ردعمل ہے۔ پہلے وہ شہروں میں لڑ رہے تھے اور اب بلندیوں پر چلے گئے ہیں۔ پاکستان نے ان کو نہیں بھیجا ہے۔ وہ اپنی قوت کے بل پر بلندیوں پر گئے ہیں۔ اب ان کی طاقت بڑھ گئی ہے۔ نہ وہ پاکستان کی مرضی سے اوپر گئے ہیں اور نہ پاکستان کی بد نامی کر رہے ہیں۔ وہ عزت اور آبرو کا انتقام لے رہے ہیں۔ وہ خود جنگ لڑ رہے ہیں۔ اگر پاکستان سے کوئی مطالبہ کرتا ہے کہ مجاہدین کو بلاؤ۔ تو پاکستان ان کو نہیں بلا سکتا۔

ہم پوچھتے ہیں کہ ۷۰ ہزار کا انتقام کون لے گا؟ عزتیں لوٹی گئی ہیں تو کیا وہ انتقام نہیں لیں گے؟ خود مجاہدین کھڑے ہو کر یہ جنگ لڑ رہے ہیں۔ ان حالات میں،

میں سمجھتا ہوں چیئرمین صاحب! کہ مجاہدین انتقام لیں گے اور وہ انتقام لے رہے ہیں۔ ان کو خدا نے موقع دیا ہے اور وہ بلندیوں پر پہنچ گئے ہیں۔ یہ نواز شریف کے بس کی بات نہیں ہے۔ یہ کسی اور کے بھی بس کی بات نہیں ہے۔ ان کو قتل کیا گیا ہے اور شہید کیا گیا ہے۔ اس لئے وہ کارگل میں بدلہ رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ خدائے نور صاحب۔ پانچ منٹ خدائے نور صاحب۔

جناب خدائے نور۔ بہت اچھا۔ جناب ! جیسے آپ حکم کریں، مہربانی ! شکریہ جناب۔جہاں تک LOC کا تعلق ہے یا کارگل کا ہے میرے خیال میں یہ پہلی بار ہے کہ ساری قوم حکومت کے ساتھ ہے اور Opposition بھی اس ایک نقطے پر متفق رہی ہے چونکہ یہ ایک قومی معاملہ تھا۔ اسی بناء پر یہاں متفقہ طور پر قرارداد بھی پاس ہوئی ہے۔ لیکن جو حالات کنٹرول لائن پر ہیں وہ افسوسناک ہیں۔ اس کے کئی پہلو ہیں۔ میں اپنی حکومت کی چند خامیوں کو بھی یہاں ہاؤس کے سامنے لانا چاہوں گا۔

اس وقت LOC پر یا کارگل کے مسئلے پر تمام دنیا کا ، خاص کر امریکہ کا حکومت پاکستان پر بہت دباؤ ہے۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آ رہی ہے کہ ہم بھی ان کے دوست ہیں۔ ہم نے ہمیشہ ان سے دوستی نبھائی ہے اگرچہ انہوں نے کبھی بھی نہیں نبھائی۔ اس دباؤ سے میں یہ نتیجہ اخذ کر رہا ہوں کہ ہماری نسبت بھارت کی طرف امریکہ کا جھکاؤ بہت زیادہ ہے۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آ رہی ، پتہ نہیں حکومت والے سمجھ رہے ہوں۔ کیا وجہ ہے یا کیا بات ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بڑی معذرت کے ساتھ یہ کہوں گا کہ ہمارے جو دوست ممالک خاص طور پر اسلامی ممالک ہیں، جناب چیئرمین! آج صبح میں news سنتا رہا مختلف ممالک کے TVs سے ، کسی نے بھی کھل کے ہماری حمایت نہیں کی اور یہ کہہ دینا کہ افہام وتفہیم کے ساتھ اس مسئلے کو حل کریں، یہ کوئی حمایت نہیں۔ اس کو میں حمایت نہیں کہتا۔ اس کی چند وجوہات

ہیں۔ سب سے پہلے تو میں یہ کہوں گا کہ عراق پر بمباری ہو رہی تھی تو ہم نے بھی یہی الفاظ استعمال کئے۔ لیبیا کی ناکہ بندی ہوئی تو ہم نے یہی رسمی الفاظ استعمال کئے ۔ دوسرے ممالک کے ساتھ ' افغانستان کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے اس پر ہم نے یہی رسمی الفاظ استعمال کئے۔ آج وہی رسمی الفاظ ہمارے خلاف بھی استعمال ہو رہے ہیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اگر ہم آگے بڑھتے تو شاید آج وہ بھی آگے بڑھتے ۔ ہمارے راجہ صاحب ابو ظہبی گئے' TV پر میں نے خبر سنی کہ افہام وتفہیم کے ساتھ مسئلے کو حل کریں گے۔ افہام وتفہیم کوئی حمایت نہیں ہے۔ پتہ نہیں ان کا بھی جھکاؤ انڈیا کی طرف ہے۔ میں تو یہ کہوں گا کہ عالمی ممالک میں آج تک کارگل کا مسئلہ صحیح انداز میں اجاگر نہیں ہوا۔ ہمارے نمائندے' SAFRAN کے صاحبان وہاں پر عیش و عشرت کر رہے ہیں۔ Air conditioned بنگلوں میں بیٹھے ہوئے ہیں' انہوں نے بھی اس مسئلے کو اجاگر نہیں کیا۔ بلکہ میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گا کہ شاید ہمارے SAFRAN کو خود پتہ نہیں کہ کارگل کیا ہے۔ افسوسناک بات تو یہی ہے۔ انڈیا کا میڈیا آپ بھی دیکھ رہے ہیں' میں بھی دیکھ رہا ہوں کہ روزانہ صبح سے لیکر شام تک اسی پر لگا ہوا ہے اور اسی سے عالمی رائے عامہ ہموار ہو رہی ہے۔ اس میں ہماری بہت کوتاہی ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ ہمارے SAFRAN والے عیش و عشرت کی زندگی بسر کر رہے ہیں اور یہ ہماری خارجہ پالیسی کی ناکامی ہے کہ ہم نے اس کی طرف توجہ کیوں نہیں کی یا انہیں کیوں نہیں کہا کہ آپ جائیں' عوام سے ملیں' وہاں کے لوگوں سے ملیں اور انہیں قائل کریں' اگر وہ ایسا کرتے تو شاید آج امریکہ کا دباؤ بھی نہ ہوتا اور شاید آج ہمارے دوست ممالک ہماری حمایت کرتے لیکن ایسا ہو نہیں رہا تو میں یہی کہوں گا کہ اس میں ہماری خارجہ پالیسی کی ناکامی کا بھی بہت بڑا ہاتھ ہے ۔۔۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ۔

جناب خدائے نور۔ جناب والا ! ایک منٹ ' ایک منٹ سے زیادہ نہیں لونگا۔ میرا خیال ہے کہ پانچ منٹ نہیں ہوئے ہیں۔ مسٹر چیئرمین صاحب ! دوسری بات یہ ہے کہ ہندوستان کا ٹی وی اور ریڈیو میں سن رہا ہوں۔ تمام پارٹیوں کی جن کی نمائندگی پارلیمنٹ کے اندر ہے 'ان کی میٹنگ بلائی جا رہی ہے ۔ کارگل کے مسئلے پر ان کو اعتماد میں لیا جا رہا ہے ۔لوک سبھا ہے نہیں ' راجیہ سبھا کا اجلاس طلب کیا جا رہا ہے ۔لیکن یہاں پر ایک ظلم کی بات تو یہ ہے کہ قومی اسمبلی بھی چل رہی ہے ' سینٹ بھی چل رہا ہے ' عوام تو اپنی جگہ پر' ان کو بھی اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ میری گزارش یہ ہے کہ وزیر اعظم صاحب چین گئے' چھ دن کا دورہ تھا' فوری طور پر واپس آئے ۔ اللہ جانے کیا ہوا' کیا نہیں ہوا' وہ تو وہی جان سکتے ہیں۔ وہ یہاں آجاتے ۔ آنے کے بعد یہاں آئیں ۔ Joint Session بلائیں اور پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیں۔ ایک بریگیڈئر کے نقشے پر بریفنگ سے کام نہیں بنتا۔ بلکہ وزیر اعظم کو ہمیں اعتماد میں لینا چاہیئے ۔ ہم اس مسئلے پر ان کے ساتھ ہیں۔ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ ہم ان کا ساتھ دیں گے۔ جو کچھ بھی ہوگا ہم کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ یہ ملک کا مسئلہ ہے' قوم کا مسئلہ ہے ۔جناب چیئرمین ! میں پھر یہی کہوں گا کہ وزیر اعظم صاحب کو قوم اور پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینا چاہیئے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ۔ اب اس جانب سے سپیکرز زیادہ ہیں اور اس جانب سے کم ہیں تو میرے خیال میں دو ادھر سے ایک ادھر سے لیا جائے ۔ ٹھیک ہے ۔ اس کے بعد حاجی جاوید صاحب ہیں تو پہلے پانچ منٹ اقبال حیدر صاحب اور پھر حاجی جاوید صاحب ' آپ کا نمبر آ گیا ہے ۔ at no.6 and you will be replacing Dr. Safdar Abbasi.

سید اقبال حیدر ۔ شکریہ جناب ۔ چونکہ پانچ منٹ کی قید ہے 'اس لئے میں پانچ منٹ میں تقریر تو نہیں کر پاؤں گا ۔ چند نقاط آپ کی خدمت میں پیش کرتا

ہوں----

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے۔)

سید اقبال حیدر۔ جناب چیئرمین! کشمیر کی جدوجہد آزادی پر وہاں کے مجاہدین کی قربانیوں پر کوئی دو رائے نہیں ہیں۔چاہے وہ حکومت ہو چاہے وہ اپوزیشن ہو، کشمیر پر بھارت کے ناجائز قبضے کو ختم کرانا پاکستان کے قیام کا یا تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا ہے جس کو مکمل کرنا ہم سب کا فریضہ ہے۔ اس پر تو کوئی بات ہی نہیں ہے۔اسی لئے ہم نے اس ایوان میں پہلے ہی پچھلے سیشن میں مشترکہ طور پر ایک قرارداد پاس کی۔ ہمارا ذہن اس حد تک صاف تھا کہ ہم نے اس قرار داد کو جو حکومت نے بنائی تھی اس سے بہتر پیرائے میں ہم تیارکیا اور اتفاق رائے سے پاس کیا۔ جناب چیئرمین! ہمارا اعتراض صرف اس بات پر ہے کہ حکومت نے جس انداز میں اس مسئلے کے اوپر اپنا ردعمل ظاہر کیا ہے وہ انتہائی افسوسناک اور قابل اعتراض ہے۔ جونہی مجاہدین نے کارگل پر قبضہ کیا۔حکومت نے ایک معذرت خواہانہ apologetic attitude اپنایا۔ اس سے اس پراپیگنڈے کو تقویت ملی کہ وہ مجاہدین درحقیقت پاکستان کے اپنے یا پاکستان آرمی کے اپنے آدمی ہیں اور پوری دنیا میں یہ پروپیگنڈہ پھیلا ہے کہ جارحیت پاکستان کی طرف سے ہوئی ہے جو کہ غلط ہے۔یہ حکومت کا failure ہے۔

Failure to propagate the truth and the fact. The world at large is thinking that Pakistan is aggressor by taking over Kargil point. Whereas they are failing in pointing out that Line of Control as determined in 1971, was violated repeatedly by India.

سیاچن پر جب۱۹۸۱ء میں ہندوستان نے قبضہ کیا تو موجودہ حکومت کے سیاسی سرپرست اعلیٰ جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا تھا کہ بھئی کیا فرق پڑتا ہے۔ ہندوستان نے قبضہ

کرلیا تو کرلیا۔ کیا فرق پڑتا ہے ۔ سیاچن پر تو گھاس کا ایک تنکا بھی نہیں اگتا ۔ اس نے کہا سیاچن کا جانا کوئی بات نہیں ۔ لے لو ' لے لو ' سیاچن لے لو ۔ اسی طرح اپنے سیاسی سرپرست اعلیٰ جنرل ضیاء الحق کی سنت پر عمل کرتے ہوئے موجودہ حکومت بھی اسی انداز میں کہہ رہی ہے کہ بھئی ٹھیک ہے ' مجاہدین نے قبضہ کرلیا ہے۔ Sorry, sorry. ہمیں آپ سے مذاکرات کے ذریعے بات کرنی چاہیے۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ دراصل جارحیت ہندوستان نے کی جب سیاچین پر قبضہ کیا ۔ درحقیقت انڈیا نے نیوکلیئر----

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ختم کریں ' پانچ منٹ ہوگئے ہیں ۔

سید اقبال حیدر۔جناب ! ابھی تو میرا ابتدائیہ ہی ہے اور ویسے بھی ابھی وقت رہتا ہے ۔ پلیز پانچ منٹ تو دیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔پانچ منٹ تو ہوگئے ہیں ۔

سید اقبال حیدر۔پانچ منٹ نہیں ہوئے ۔ اگر آپ کہتے ہیں تو میں بطور احتجاج بیٹھ جاتا ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ آپ احتجاج نہ کریں ۔ بس ختم کرنے کی کوشش کریں۔

سید اقبال حیدر۔جناب ! بس میں دو چار باتیں کرنا چاہتا ہوں ۔ میری گزارش یہ ہے کہ موجودہ حکومت بین الاقوامی سطح پر مختلف ممالک کو یہ باور کرانے میں ناکام رہی ہے کہ جارح انڈیا ہے اور نیوکلیئر ہتھیاروں کی دوڑ میں پہل بھارت نے کی ہے ' پاکستان نے نہیں کی ہے ۔ اس سے پاکستان کی good will خراب ہو رہی ہے ۔ حکومت ناکام رہی ہے ۔ اس nuclearisation, ایٹم بم کے دھماکوں کا آغاز بھارت نے کیا ہے پاکستان نے نہیں کیا ہے ۔ اگرحکومت ناکام رہے گی تو ہمیں اخلاقی اور سفارتی سطح پر مدد نہیں ملے گی ۔ اب حالت یہ ہے کہ تین چار روز سے

بار بار اخبارات میں آ رہا ہے کہ نواز شریف صاحب جنرل ضیاء الحق کی طرح ہندوستان کے ساتھ کوئی خفیہ معاہدہ کر رہے ہیں ۔ آج حمید گل صاحب نے بھی اپنا مذمتی بیان دیا ہے ۔ آج کے " نیوز " میں ہے کہ Pak-India secret contacts بھی ہو رہے ہیں اور کچھ زمین لو اور دو پر ہندوستان کے ساتھ باتیں بھی ہو رہی ہیں ۔ ہم صرف یہ کہنا چاہتے ہیں کہ secret معاہدے نہ کریں ۔ قوم کو کھلم کھلا بتایا جائے کہ معاہدہ ہو رہا ہے یا جنگ ہو رہی ہے ۔ شکریہ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔رفیق شیخ صاحب ۔

جناب رفیق احمد شیخ ۔جناب چیئرمین ! میں بہت مختصر تقریر کروں گا تاکہ آپ کو ٹوکنے کا موقع نہ ملے ۔ میں ہسٹری کا طالبعلم ہوں خواہ وہ اکانومی کی ہو ، سیاسی تاریخ ہو یا جیالوجی کی ہسٹری ہو ، میں اس کا طالبعلم ہوں ۔ میں اس سارے مسئلے کو اسی نکتہ نظر سے دیکھتا ہوں ۔ پولیٹیکل ہسٹری میں پیریڈ آئے ہیں ۔ ایک پیریڈ میں ڈکٹیٹرشپ کا عروج ہوا ۔ پھر اس کے بعد ایک پیریڈ آیا کہ Colonial countries میں war up liberation ہوئی ۔ پہلے بھی حق کی فتح ہوئی اور اس کے بعد بھی حق کی فتح ہوئی ۔ وہ جن کی سلطنت میں کبھی سورج غروب نہیں ہوتا تھا ، دنیا نے دیکھا کہ سورج اب شاید ان کے ملک میں نکلتا ہی نہیں۔ اس کے بعد پھر ایک پیریڈ آیا جس میں third world کے لیڈر اجاگر ہوئے ۔ٹیٹو ، جمال عبدالناصر ، سوئیکارنو اور انہوں نے اپنا تاریخ میں ایک impact چھوڑا ہے ۔ پھر سنٹرل ایشیا کی لبریشن کا ایک چھوٹا سا پیریڈ آیا ۔ اب یہ decade ہے کہ disputes are being resolved اور اس میں کلنٹن پر مختلف لوگ مختلف قسم کی تنقید کرتے ہیں ۔ پتہ نہیں اس پر کس کس طرح کے اور کیا کیا الزامات لگتے ہیں ۔ It appears that he has made big contribution, ساڑھے تین سو سال پرانے آئرلینڈ اور انگلینڈ کے جھگڑے میں Irish Republican Army کو recognize کروایا اور Irish

Republican Army کے لیڈر اور دوسرے آئرش لیڈر table پر بیٹھے اور یہ مسئلہ حل ہوا۔ ایک مسئلہ جو ایک رنگ میں تو 13 سو سال پرانا ہے لیکن اب ہم اس کو اس طرح لیتے ہیں کہ 50 سال پرانا ہے اور وہ ہے فلسطین اور اسرائیل کا مسئلہ ۔ یہ بہت حد تک principle کے طور پر resolve ہو گیا اور implement بھی ہو گیا ہے ۔ اب ہم نے recently دیکھا کہ ایک واقعہ ہو گیا کہ ایک رات میں کویت کو occupy کر لیا ' unfortunate سا واقعہ تھا ' ایک مسلمان ملک نے دوسرے مسلمان ملک کو occupy کر لیا ۔ آخر میں ultimately both parties have reconciled. اگرچہ اس کے after marks کوئی اتنے خوشگوار نہیں ہیں۔ پھر اب یہ recent کوسوو کا واقعہ ہے اور اخبارات میں اور تاریخ میں کہیں ذکر نہیں آتا ۔ Kosovo Liberation Army کو بھی recognize کیا ہے G-8 نے ۔ تو یہ چھوٹی قوموں کی liberation کی جدوجہد ہوتی ہے ' اس کو اب internationally ہر جگہ recognize کر لیا گیا ہے اور اسی طرح کشمیر میں جو لوگ liberation کے لئے لڑ رہے ہیں ۔ Peaceful گاندھی جی اور اس کے بعد قائداعظم اور ان کے ساتھیوں نے nonviolent fast movement کا ایک ہتھیار استعمال کیا تھا مگر وہ ہتھیار ان علاقوں میں استعمال ہو سکتا ہے جہاں کروڑوں کی آبادی ہو اور شہروں کی آبادی بھی کروڑوں میں ہو۔ تو وہاں حکومتیں paralise کی جاسکتی ہیں اور ہندوستان ' پاکستان ' برما اور سیلون میں یہ ہتھیار بڑا effectively کامیاب ہوا ۔ میرا یہ یقین ہے کہ reconciliation and resolution of dispute کا یہ decade ہے ۔ انشاء اللہ جو کشمیر کی liberation کرنے والے مجاہدین ہیں وہ کامیاب ہوں گے ۔ میرے بزرگ بھی تقریباً 4,5 سو سال پہلے لاہور میں وارد ہوئے تو اس ناطے سے بھی اور پاکستانی ہونے کے ناطے سے بھی اور مسلمان ہونے کے ناطے سے بھی میرا یہ یقین ہے کہ کشمیر کے عوام کبھی ہتھیار نہیں ڈالتے ۔ مجھے 1932ء کی وہ تحریک

بھی یاد ہے جو کہ ڈوگرہ راج کے خلاف ہوئی تھی ۔ پھر 1948 ، میں کشمیر کے لئے جن لوگوں نے جدوجہد کی ان میں واضح اکثریت کشمیر کے وہ demob soldier تھے 20 ہزار کے قریب جو برطانوی------

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جناب ۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ بس میں دو منٹ میں ختم کر رہا ہوں۔ اس جدوجہد کے بعد وہ demob ہوئے تھے اور وہ اس میں آ گئے تھے۔ مجھے بھی بارہ مولا تک ان کے ساتھ جانے کا اتفاق ہوا ، ہم سے بہادر لوگ تو سری نگر تک پہنچ گئے لیکن میرا اپنا یقین یہ ہے کہ یہ کشمیر کے مجاہدین جیتیں گے اور بین الاقوامی سطح پر کسی قسم کی انڈیا کو support نہیں ملے گی۔ آج کچھ دبے دبے لفظوں میں کہیں اس کی حمایت بھی نظر آتی ہے لیکن دنیا کا ضمیر جاگ چکا ہے اور بھارت کو مجبور کر دیا جائے گا کہ کشمیر کا مسئلہ table پر بیٹھ کر United Nations کی resolution کے مطابق حل کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ جاوید اقبال عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! جو مسئلہ اس وقت زیر غور اور زیر بحث ہے Line of Control کا ، اس میں سب سے پہلے تو یہاں سینٹ اور نیشنل اسمبلی میں متفقہ طور پر ایک ہی ایجنڈے پر قرار داد پاس کی گئی اور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف صاحب کے ہاتھ مضبوط کئے گئے ۔ میں اس سلسلےمیں اپوزیشن کا شکریہ ادا کرتا ہوں لیکن آج دوسرا تیسرا دن ہے اور جو issue یہاں پر کل سے چل رہا ہے Line of Control کے بارے میں یا مجاہدین کی حوصلہ افزائی کے لئے اور پاکستان نے دنیا بھر میں مقبوضہ کشمیر کے مسئلہ کو اجاگر کرنے کے لئے جو کوششیں کی ہیں اور کارگل کا جو مسئلہ ہے اس issue کو لے کر تمام جگہوں پر ہمارے وزراء اور وزیر اعظم گئے ، اس کی جس انداز میں یہاں

مخالفت کی جا رہی ہے ' مجھے یہ سمجھ نہیں آ رہی کہ یہ کیسی یکجہتی ہے؟ ایسے مراحل قوموں اور ملکوں پر کبھی کبھی آتے ہیں ۔ اس میں تمام قوموں اور تمام جماعتوں نے یکجا ہوکر موجودہ حکومت کا ساتھ دینے کا عزم کیا ہے اور کرنا بھی چاہیئے۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آئی کہ کل یہاں ہمارے ہر دلعزیز اعتزاز احسن صاحب نے بجٹ کی بات کی کہ ایک دن میں بجٹ پاس ہوگیا۔ بجٹ کارگل میں تو نہیں پاس ہوا، نیشنل اسمبلی میں پاس ہوا ہے اور کارگل کی بات یہاں کرتے ہو۔ آج بھی جناب لیڈر آف دی اپوزیشن باہر بیٹھ کر کہتی ہیں کہ پاکستان کی کوئی مدد نہ کی جائے۔ وہ قابل احترام محترمہ ہیں لیکن وہ آئیں پاکستان میں۔ ایسے موقعوں پر، ایسے حالات میں تمام جماعتوں کو یکجا ہو کر حکومت کی حمایت کرنی چاہیئے۔

سونیا گاندھی جس طرح واجپائی کے پیچھے لگی ہوئی ہیں، کل اعتزاز احسن نواز شریف صاحب کے پیچھے لگے ہوئے تھے کہ وہ چین گئے ۔ بھائی حالات ہوتے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان نے بریفنگ دی ہے ۔ ہمارے قائد ایوان نے ہمیں بریفنگ دی۔ یہاں سرتاج عزیز صاحب نے قومی اسمبلی کو، سینٹ کو بریفنگ دی ' اعتماد میں لیا۔ وہ قوم کو اعتماد میں لے کر آگے چل رہے ہیں ۔ یہی ہماری کوشش ہے اور انشا اللہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، تاریخ گواہ ہے کہ یہ پاکستان بانی جماعت مسلم لیگ نے حاصل کیا تھا اور یہی اس کی حفاظت کرے گی۔ 1965 میں جنگ ہوئی تو مسلم لیگ کی حکومت تھی اور ہمیں فتح ہوئی ۔ 1971 میں ہمیں شکست ہوئی، کسی دوسرے کی حکومت تھی ۔ آج ہماری حکومت مضبوط ہاتھوں میں ہے اور انشااللہ پاکستان مسلم لیگ کی قیادت اس مسئلے کو اور مقبوضہ کشمیر کے مسئلے کو حل کرے گی ۔ انشااللہ فتح ہماری ہوگی ۔ میری سب سے گزارش ہے اور خاص طور پر اپوزیشن والوں سے کہ اس وقت میاں نواز شریف کے ہاتھ مضبوط کریں۔ اسی میں ہماری کامیابی ہوگی۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ۔ پوائنٹ آف آرڈر سید عاقل شاہ صاحب۔

سید عاقل شاہ، جناب ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جاوید عباسی صاحب نے یہ کہا کہ پاکستان کا تحفظ صرف مسلم لیگ ہی کرسکتی ہے ۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ پاکستان کا تحفظ کرنا ہمیں بھی آتا ہے ۔ سب مل کر پاکستان کا تحفظ کریں گے اور یہ بات غلط ہے ۔

(مداخلت)

سید عاقل شاہ، جناب ! میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں۔ آپ بیٹھ جائیں ۔ جناب ! میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، فرمائیے ۔

سید عاقل شاہ، بات یہ ہے کہ ریکارڈ کو درست کروائیں ۔یہ بات ریکارڈ سے نکالی جائے جو جاوید عباسی صاحب نے کہی کہ صرف پاکستان مسلم لیگ پاکستان کا تحفظ کرے گی۔ ایسی بات نہیں ہے ۔ہم بھی پاکستان کا تحفظ کرنا جانتے ہیں۔

حاجی جاوید اقبال عباسی، میں ان کی بات بجا طور پر مانتا ہوں۔ میں نے ان سے درخواست کی ہے کہ آپ ہمارے ساتھ چلیں، رہیں اور ہمارا یہ موقف ہے کہ آپ ہمارے ساتھ رہیں لیکن پاکستان مسلم لیگ نے یہ ملک حاصل کیا تھا اور باقی سب نے مخالفت کی تھی ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، Thank you. راشدی صاحب ۔ بھائی میرے do not cross talk. راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی، جناب چیئرمین ! ہم جس مسئلے پر گفتگو کر رہے ہیں، افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم سب ہوا میں لاٹھیاں مار رہے ہیں ۔ ہماری قوم بمع اس معزز ایوان اور بیشتر وزراء کے، قطعی بے خبر ہیں کہ وہاں کیا ہو رہا ہے ،

یہ حالات کیوں پیدا ہوئے یا یہ حکومت اس ملک کو کس طرف لے جا رہی ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے متعلق اگر کسی کو صحیح علم ہے تو وہ فقط وزیراعظم صاحب کو ہے یا فوج کے سربراہان کو معلوم ہے۔ جب یہ مسئلہ اٹھا تو سینٹ سیشن میں تھا اور وزیراعظم صاحب کو چاہیئے تھا کہ وہ آ کر ہمیں بتاتے کہ اصل حالات کیا ہیں۔ جہاں تک اس معزز ایوان کا تعلق ہے تو جیسے ہی یہ مسئلہ ابھرا' اپوزیشن کی تمام پارٹیوں اور حکومت نے ایک متفقہ قرارداد پاس کی کہ ہم حکومت کی اس مسئلے پر مکمل حمایت کرسکتے ہیں ۔اس کے بعد یہ فرض بنتا تھا وزیراعظم صاحب کا کہ وہ اگر اس ایوان میں تشریف نہ لاتے تو کم از کم جو اپوزیشن پارٹیز کے سربراہان ہیں ان کو بلا کر یہ بتاتے کیونکہ اپوزیشن کے لیڈر بھی اتنے ہی ذمہ دار ہیں جتنا کہ وزیراعظم صاحب خود ہیں۔ مگر وزیراعظم صاحب نے پوری قوم کو بے خبر رکھا ہے ۔اصل میں ہمیں یہ پتہ ہی نہیں چلتا کہ مسئلہ اٹھا کیسے۔

جہاں تک کشمیر کا تعلق ہے جناب چیئرمین! تو دس برس سے حریت پسند وہاں لڑ رہے ہیں مگر حالات اتنے کشیدہ کبھی نہیں تھے۔ وہ کیا وجوہات تھیں، وہ کیا اسباب تھے کہ کارگل کا مسئلہ اچانک ابھرا اور وہ لائن آف کنٹرول کے قریب اٹھا اور ایسے حالات پیدا ہوئے کہ جنگ کے خطرات اور جنگ کے بادل منڈلانے لگے۔ میں جناب پروفیسر ساجد میر صاحب اور جناب حاجی جاوید اقبال عباسی صاحب کی تقریروں کی تعریف کرتا ہوں اور انہوں نے بے خطری کے عالم میں کچھ اتنے وثوق سے باتیں کی ہیں جیسے وہ گھس بیٹھیوں کے ساتھ وہاں گولیاں چلا کر آئے ہوں حالانکہ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ قوم کو پوری طرح اعتماد میں لینا چاہیئے اور ان کو بے خبری میں نہ مارا جائے۔وزیر اعظم صاحب پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ قوم سے خطاب کریں ٹیلی ویژن پر یا دونوں ایوان اس وقت سیشن میں ہیں، وہاں آ کر ہمیں بتائیں کہ اصل بات کیا ہے۔

جناب چیئرمین! جہاں تک ہماری خارجہ پالیسی کا تعلق ہے اس کا کوئی وجود ہی نہیں ہے۔ آپ دیکھیں کہ ہماری جان پربن آئی ہے، ہمارے لئے اتنا نازک مسئلہ بن گیا ہے کہ ہم جنگ کے دہانے پر کھڑے ہوئے ہیں اور دنیا کا کوئی ملک ایسا نہیں ہے جو ہماری حمایت کرتا ہو چاہے وہ اسلامی ممالک ہوں، چین ہو، امریکہ ہو یا کوئی اور ملک۔ ہندوستان کا مؤقف ہے کہ کشمیر کے معاملے پر یا کارگل کے مسئلے پر ہم کسی کی ثالثی نہیں چاہتے جبکہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ کوئی بڑی قوت، کوئی دوست آکر ثالث بنے، مداخلت کرے اور ہمارا یہ مسئلہ حل کرے۔

اب آپ نے دیکھا ہوگا کہ پاکستان کو ہر ملک مع چین کے یہ مشورہ دے رہا ہے کہ جنگ کے حالات کو کم کرو اور جاکر ہندوستان سے بات کرو۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر ہندوستان بات نہیں کرتا تو پاکستان کا مؤقف کہاں گیا۔ تو اس وقت پاکستان سیاسی یتیمی کے عالم سے گزر رہا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ایسی کیفیت پہلے کبھی نہیں تھی۔ اگر یہ کیفیت ہے تو پھر حکومت کو غور کرنا چاہیئے اور لوگوں کو بتائے کہ ہمارے اس اصولی مؤقف پر ہماری کوئی مدد نہیں کر رہا اور آپ لوگ اس کے لئے تیار رہیں۔ اس کے لئے حکومت کو ملک میں سازگار حالات پیدا کرنے چاہیئں۔ ایسا نہ ہو کہ جیسے انہوں نے چھوٹے صوبوں کے ساتھ ناانصافی کا رویہ اپنا رکھا ہے، سندھ میں جمہوریت کی جڑ نکالی گئی ہے، یہاں سے ایک وائسرائے بھیجا گیا ہے لارڈ ہارس بیٹن صاحب۔ تو جناب! جب تک صوبوں اور عوام کو اعتماد میں نہیں لیا جائے گا ہم بے خبری میں مارے جائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ جناب۔ بلیدی صاحب۔ جناب آپ سب وقت کا خیال رکھیں۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، بہت مہربانی جناب! آپ نے مجھے اس موضوع پر بولنے کی اجازت دی۔ یہ واقعی ایک بہت اہم مسئلہ ہے۔ بارڈر پر جو

تشویشناک حالات ہیں اس پر ہمیں بہت افسوس ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وزیراعظم کو اس مسئلہ پر دوٹوک مؤقف اختیار کرنا چاہیئے۔ ابھی تک وزیراعظم کے مؤقف کا کچھ پتہ نہیں چل رہا ہے کہ اس مسئلہ پر ان کا کیا مؤقف ہے۔ کارگل کے مسئلہ پر امریکہ کے جو جرنیل یہاں تشریف لائے تھے' انہوں نے کہا تھا کہ کارگل سے فوجیں واپس کی جائیں۔ ان کو کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ ہمارے اندرونی معاملات میں مداخلت کرکے اس اہم مسئلہ پر وزیراعظم کو کہیں کہ وہ کارگل سے واپس آ جائیں۔ میں اس کی شدید مذمت کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ایٹمی قوت بننے کے بعد بھی اب تک ہم آزاد نہیں ہیں۔ اب تک امریکہ ہمارے ہر معاملہ میں مداخلت کرتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وزیراعظم کو دو ٹوک الفاظ میں یہ کہنا چاہیئے کہ یہ پوری قوم کا مسئلہ ہے اور اس پر ہم کسی سودے بازی کے لئے تیار نہیں ہیں۔ جناب ! اس کے پس پردہ بہت سارے عوامل ہیں۔ ایک تو یہ کہ واجپائی اپنے آپ کو دوبارہ لانے کے لئے کوشش کر رہا ہے اور اعلان لاہور کے بعد اچانک اس جنگ کی کس لئے ضرورت محسوس کی گئی۔ یہ ایک سوال ہے کہ اچانک اس جنگ کو مسلط کیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور جب اس نے ایٹمی قوت حاصل کی تو انہوں نے تمام اسلامی بلاک میں رابطہ شروع کیا کہ اب ہم اس قابل ہیں کہ کسی کافر یا یورپ اور امریکہ کے بغیر بھی ہم اپنا تحفظ کرسکتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ کوئی اسلامی بلاک اس پوزیشن میں نہ ہو کہ وہ اپنا دفاع خود کرسکے۔ صرف اور صرف امریکہ ہم کو لڑانے کی کوشش کر رہا ہے۔اس issue پر وزیراعظم کو چاہیئے کہ پوری قوم کو اعتماد میں لیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے جتنے بھی اختلافات ہوں لیکن اس مسئلہ کی ہم بھرپور انداز میں حمایت کریں اور یہ صرف ہمارا مسئلہ نہیں بلکہ پوری قوم کا مسئلہ ہے۔ اور میں انڈیا کو یہ واضح کردینا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ ہماری قوم مضبوط ہے اور ہم ڈٹ کر اس کا مقابلہ کریں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کو شکست فاش ہوگی اور اس مسئلہ کے

لئے وزیر اعظم کو جن پارٹیوں کے نمائندے یہاں ہاؤس میں موجود نہیں ہیں ان کی آل پارٹیز کانفرنس بلا کر پوری قوم کو اعتماد میں لے کر اور اپنے نمائندوں کے ذریعے OIC اور G-8 اور جتنے بھی forum ہیں ان سب کو اعتماد میں لینا چاہیئے۔ شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ ڈاکٹر صاحب۔ جناب تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر، شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں چند نکات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ پہلی چیز یہ ہے کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں ہے۔ امن اور تحفظ کے ساتھ ہمارا objective اور مقصد ہونا چاہیئے۔

Peace with security should remain the main thrust.

دوسری چیز یہ عرض کرنی ہے جناب چیئرمین! کہ اس مسئلے کا کوئی bilateral solution نہیں ہے۔

Bilateral solutions only succeed when there is an identity of interest between the two parties. But, sir, when the policy of one party, is running counter to the interest of the other party bilateralism cannot succeed.

جس وقت تمام دنیا ہم سے یہ کہتی ہے کہ انڈیا سے بات کریں تو ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ Indian hegemony کو تسلیم کریں اور اپنے جائز مؤقف سے پیچھے ہٹیں۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ترقی پذیر ملکوں کے لئے کوئی option نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہ اپنے اصولی مؤقف کی بات کریں اور اس اصولی مؤقف کو بڑے واضح انداز میں، بڑے effective انداز میں پوری دنیا تک لے جائیں۔ لیکن ہم نے کیا یہ ہے کہ ہم یہاں سوتے رہے۔ جس وقت یہ situation پیدا ہوئی اور کہا گیا کہ اب آپ kindly proceed to the capitals of the world تو ہمیں بتایا گیا کہ سرتاج عزیز صاحب دہلی جا کر بات کر رہے ہیں اور اس کی روشنی میں

Sir, you have already میں بات کی جائے گی۔ capitals of the world talked to an adversary. Go ahead and talk to the adversary. But

انڈیا نے آپ کو انتظار میں رکھا کہ کب دلی kindly talk to some friends also. دربار میں آپ کی حاضری ہو گی اور انڈیا نے آپ کے سارے دوستوں کو آپ کے خلاف turn کیا اور اپنی بات پر ان کو متفق کیا۔

یہ کیوں ہو رہا ہے؟ یہ اس لئے ہو رہا ہے کہ ہم internationally پاکستان کا ایک بڑا negative image سامنے لائے ہیں۔ انسانی حقوق کی یہاں پر جو پامالی ہوئی ہے، اس سے پاکستان کا بڑا negative تاثر ابھرا ہے اور راشدی صاحب نے فرمایا تھا کہ اس سے پہلے کبھی ایسے حالات نہیں ہوئے۔ میں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ 1971ء میں بھی یہی پوزیشن تھی۔

Pakistan because of its Government had a very negative image internationally and nobody was ready to listen to our point of view. Sir, we are entering into another phase

کہ جو انسانی حقوق کی پامالی ہو رہی ہے اس کی وجہ سے there is a very close linkage between the internal operation and the external isolation

اور اس وجہ سے پاکستان isolate ہو گیا ہے۔

اس وقت ہمارا main thrust یہ ہونا چاہیئے کہ ہم اس internal isolation کو break کریں۔ ہم اپنے friends کو جا کر بتائیں کہ ہمارا ایک واضح موقف ہے، ہمارا ایک اصولی موقف ہے۔ ہم اپنے friends کو یہ بھی بتائیں کہ اس وقت انڈیا کی حمایت کس قسم کے results پیدا کرے گی۔ Do we want a religious extremist Government in India? Do we want Kashmiris point of view and their right of self-determination finish for good. اس قسم

کے خطرات ہیں۔ انڈیا میں جو religious hysteria ہے' انڈیا میں جو war hysteria ہے وہ بڑھے گا اگر عالمی قوتوں نے اس موقع پر انڈیا کا ساتھ دیا۔ شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ جناب۔ جناب اجمل خٹک صاحب۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک،** جناب! میں زیادہ تو کچھ کہنا نہیں چاہتا۔ واضح اور سادہ الفاظ میں کہتا ہوں کہ ہم جنگ ختم کرنا چاہتے ہیں۔ جنگ نہ ہو۔ اگر بڑھے اور اس کو ہم پر تھونپا جائے تو ہم سب کا فرض ہے کہ مقابلہ کریں اور اس میں میری پارٹی کسی سے پیچھے نہیں ہوگی۔ دفاع ہونا چاہیئے۔ دفاع عسکری اور خارجہ پالیسی سے متعلق ہے۔ ہمیں اپنی دفاعی قوتوں پر کوئی شبہ نہیں ہونا چاہیئے' جو خون ہماری رگوں میں ہے۔ ہم سب مل کر دفاع کے لئے تیار ہیں۔ وہ ہم سے زیادہ تیار ہوں گے۔ ہم حکومت کی خارجہ پالیسی کے بارے میں بہت کچھ کہہ سکتے ہیں اور کہیں گے لیکن اس وقت یہ کہیں گے کہ خارجہ پالیسی میں جو دوڑ دھوپ ہونی چاہیئے' ہم سمجھتے ہیں کہ وہ اپنی حد تک کر رہے ہیں لیکن کس طرح کر رہے ہیں' کامیاب ہو رہے ہیں یا ناکام' وہ بعد میں دیکھا جائے گا' وہ ان کا کام ہے۔ لیکن اہم پہلو اس کا یہ ہے کہ قومی اتحاد' قومی اعتماد ہونا چاہیئے۔ اس سلسلے میں جیسے کہا گیا' وزارت خارجہ کی بریفنگ میں بھی ہم نے متحدہ طور پر اس کی تائید کی ہے' یہاں بھی کی ہے اور آج بھی ہم سب کر رہے ہیں۔

حکومت صرف ایک بات سن لے کہ قومی مفاہمت کے لئے اپوزیشن کو گردن زدنی پر لا کر' ان کے ساتھ دشمنی کو قائم رکھ کر کچھ نہیں کر سکتی۔ تمام دشمنی اور رقابتوں کو دور کریں کیونکہ اس سے قومی مفاہمت نہیں پیدا ہوگی۔ ہمارے ہاں آپ جانتے ہیں قاعدہ یہ ہے کہ سینکڑوں قتال' بدنامیوں پر پتھر رکھ دیتے ہیں۔ پتھر کے معنی یہ ہیں کہ جب تک دشمن ہے اس وقت تک ہم ان معاملات کو نہیں

چھیڑیں گے اور دشمن کا مقابلہ کریں گے۔ اس اصول کے تحت حکومت کو اپوزیشن کے ساتھ، دینی اور سیاسی مخالفوں کے ساتھ، پتھر رکھنا چاہیئے تو تب جا کر قومی یکجہتی پیدا ہو گی۔

آخری نقطہ جو سب سے باریک نقطہ ہے وہ یہ ہے کہ پوری قوم کو یہ خدشہ ہے کہ بیرونی دباؤ بہت زیادہ ہے اور اس کے تحت خطرہ ہے کہ درپردہ کوئی فیصلہ نہ ہوجائے۔ بس یہ دو نقاط ہیں۔ بیرونی دباؤ بہت زیادہ ہے اور اس سے خطرہ ہے کہ درپردہ کوئی فیصلہ نہ ہوجائے۔ میں کہتا ہوں کہ فیصلہ اچھا ہو یا برا لیکن اگر درپردہ ہو، عوام کو اس کا علم نہ ہو، اہتمام نہ ہو، مشاورت اور مفاہمت نہ ہو تو اچھے فیصلوں سے بھی برے نتائج نکل سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں کل کہا گیا کہ risk لینا چاہیئے۔ میں کہتا ہوں جنگ میں risk نہیں لینا چاہیئے۔ Risk لینا چاہیئے امن قائم کرنے کے لئے۔ ہمیں اس میں risk لینا چاہیئے کہ بہرصورت امن قائم ہو۔ لیکن امن کس طرح ہو۔ امن پروقار اور پر اعتماد ہو۔ Risk کے معنی ہم یہاں کہتے ہیں توکل علی اللہ۔ اللہ تعالیٰ پر توکل کرکے کریں اور توکل علی اللہ کے معنی ہیں عزم بالجزم۔ عزم بالجزم کے معنی ہیں مشاورت۔ مشاورت کے معنی یہ ہیں کہ اپنی قوم کو، سیاستدانوں کو، باخبر لوگوں کو اعتماد میں لیا جائے اور پھر فیصلہ کیا جائے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ سب متفق ہوں۔ میں ایک مثال دینا چاہتا تھا لیکن اس کے کسی پہلو سے کچھ غلط معنی بھی نکل سکتے ہیں۔ اگر کوئی غلط معنی نہ لے تو میں کہوں، جب دو بھینسے لڑ پڑتے ہیں، ان کے سینگ آپس میں پھنس جاتے ہیں، وہ جدا نہیں ہوسکتے تو پھر اس کا حل نکالتے ہیں بڑے بوڑھے کہ سینگوں کے ساتھ کیا کریں۔

تو حل ہونا چاہیئے، حل ہونا چاہیئے، امن ہونا چاہیئے۔ جو جنگ کے risk کی بات کرتے ہیں، لڑائی کی بات کرتے ہیں، ہم اس کے حق میں نہیں ہیں، کوئی بھی ہو۔ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ توکل علی اللہ، عزم اور قومی اعتماد کے ساتھ ہو۔ یہ پرواہ نہ

ہو کہ کوئی کسی وجہ سے امن یا مفاہمت کا مخالف ہے۔ امن دونوں ممالک کے عوام چاہتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں ۔ اس پر عزم اور توکل کیا جائے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! ہمیں خوشی ہے کہ سینٹ میں اس پر سیر حاصل بحث ہوئی اور میرا ذہن ہندوستان کی طرف چلا جاتا ہے، جس کے ساتھ یہ سلسلہ ہے۔ کل ہی وہاں کی تمام حزب اختلاف کی جماعتوں نے بالاتفاق حکومت سے یہ مطالبہ کیا کہ لوک سبھا تو نہیں ہے۔ لیکن ان کے اپر ہاؤس 'راجیہ سبھا' کا اجلاس بلوایا جائے تا کہ ان سارے مسائل پر بحث ہو سکے جیسے ہم نے یہاں کیا ہے لیکن وزیراعظم واجپائی نے انہیں یہ کہا کہ اگر راجیہ سبھا میں بحث ہوئی تو اس کے اثرات ہندوستان کی افواج پر پڑ سکتے ہیں جو کشمیر میں لڑ رہی ہیں۔ ان کے morale پر برے اثرات پڑ سکتے ہیں یعنی وہ پہلو بھی سامنے آ سکتے ہیں جو اس وقت تک لوگوں سے چھپے ہوئے ہیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ سینٹ میں سب سے پہلے ایک متفقہ قرارداد اس سلسلہ میں پاس ہوئی اور اس سے پہلے بریفنگ بھی دی گئی۔ پھر قومی اسمبلی کے اراکین کو بھی بریفنگ دی گئی اور وہاں بھی ایک متفقہ قرارداد پاس ہوئی۔ اس لحاظ سے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارا طرز عمل ، میں کسی credit کی بات نہیں کر رہا، قومی لحاظ سے ہمارا طریقہ کار بدرجہا بہتر رہا، زیادہ جمہوری رہا، زیادہ مشاورت کا رہا اور زیادہ consensus develop کرنے کا رہا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس ماحول کو قائم رہنا چاہیئے۔

یہاں جتنی بھی تقاریر کی گئی ہیں، وہ اس خیال اور نیت سے کی گئی ہیں کہ اگر ان حالات میں بعض گوشے ایسے ہیں جو تمام حضرات کے سامنے نہیں ہیں تو حکومت کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ ان کو سامنے لائے کیونکہ جنگ کے زمانے میں پراپیگنڈہ بھی بہت تیز ہو جاتا ہے اور بالخصوص جن کے ساتھ ہمارا واسطہ پڑا ہے وہ

اس معاملے میں کافی تیز دکھائی دیتے ہیں۔ سب سے پہلے یہ چیز دہرائی گئی اکثر تقاریر میں کہ ہم نے شاید عالمی سطح پر اپنے دوستوں سے روابط نہیں کئے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان رابطوں کا سلسلہ کارگل کی situation پیدا ہونے سے پہلے ہی شروع تھا اور ہر قدم پر ہم نے یا حکومت پاکستان نے اپنے دوستوں کو اور جو neutral لوگ تھے' ان کو ان developments سے آگاہ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی۔

آپ کو یاد ہو گا کہ جب ہندوستان کے وزیراعظم کو دعوت دے کر لاہور بلوایا گیا تھا تو انہی دنوں میں' یہ کوئی حادثہ نہیں تھا' یہ کوئی coincidence نہیں تھا' بلکہ ایک planned چیز تھی کہ چین کے وزیر دفاع اسلام آباد میں موجود تھے۔ اسی طریقے سے جب ہندوستان نے ہمارے وزیر خارجہ کو وہاں آنے کے لئے کہا تو اس سے پہلے وزیر خارجہ کو بیجنگ بھیجا گیا تا کہ مشاورت اس میٹنگ سے پہلے ہی ہو جائے۔ اس کے اچھے اثرات مرتب ہوئے۔ جب ان کے وزیر خارجہ جسونت سنگھ دہلی کی میٹنگ کے بعد چین گئے تو آپ نے سنا ہو گا کہ ان کے ٹی وی پر ان پر بڑی تنقید ہوئی۔ انہوں نے یہ کہا کہ ہمارا وزیر خارجہ چین کیا لینے گیا تھا؟ چین تو چالیس سال سے ہمارا دشمن ہے۔ یہ اپوزیشن کے لوگوں نے کہا لیکن موجودہ حکومت کے جو وزیر دفاع ہیں' خود ان کا بیان بھی آپ کے سامنے ہو گا' جنہوں نے یہ کہا تھا کہ یہ جو ایٹمی دھماکے کر رہے ہیں' یہ جو ہم میزائل بنا رہے ہیں' یہ پاکستان specific نہیں ہیں۔ ہم کوئی پاکستان کے خلاف تو نہیں بنا رہے ہیں بلکہ ہمارا دشمن نمبر ایک چین ہے۔ جارج فرنانڈس کا یہ بیان بہت متنازعہ بھی ہوا ہندوستان میں' لوگوں نے اس پر تنقید بھی کی اور کئی ہفتے تک اس پر بحث چلتی رہی لیکن انہوں نے اس بیان کو واپس نہیں لیا۔ انہوں نے اپنا target یہی رکھا ہوا ہے' خواہ دونوں ملکوں کو رکھا ہے' لیکن اس علاقے کی سیاست کے لئے صرف چین کو رکھا ہے یا اس لئے یہ بات کی ہے کہ کچھ ممالک کو خوش کرنا مقصود ہو گا۔

چین کی قیادت شروع سے آج تک ایک ایسے ماحول میں اپنی پالیسیاں بناتی ہے اور ان پر عمل کرتی ہے، جس میں بڑی سنجیدگی اور گہرائی ہوتی ہے۔ چین نے ہندوستان کے بارے میں کبھی ایسا بیان نہیں دیا لیکن ہندوستان کے وزیر دفاع نے کھل کر یہ کہا کہ ہم جو کچھ تیار کر رہے ہیں یہ اپنے دشمن نمبر ایک چین کے خلاف کر رہے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ it was unfortunate لیکن بہرحال انہوں نے ایسا کہا ہے۔ پھر اس کے بعد ہمارے وزیراعظم کا چین کا دورہ کئی مہینے پہلے سے طے شدہ تھا لیکن جناب چیئرمین! جب دورے ہوتے ہیں، State visits ہوتے ہیں تو دارالخلافے کے علاوہ باقی جگہوں پر بھی ہلکے پھلکے پروگرام ہوتے ہیں۔ میں نے وہ پروگرام منگوایا، اس بات کو جاننے کے لئے اور اراکین سینٹ سے share کرنے کے لئے کہ مزید تین دن کے کیا پروگرام تھے جن کو ترک کر کے وزیراعظم پاکستان چھ دن کی بجائے تین دن کے بعد واپس تشریف لا رہے ہیں۔ اس میں یہ visit تھا، تین sites تھیں stone forest کی، گورنر کے ساتھ میٹنگ تھی اور International Horticulture Exposition 1999 میں جانا تھا۔ چین نے ان کے لئے ایک acrobatic show arrange کیا ہوا تھا۔ ان حالات میں یہ relaxed قسم کا پروگرام تھا۔ دونوں فریقین نے اس پر اتفاق کیا کہ جس قسم کے حالات پاکستان میں موجود ہیں، اس کے نتیجے میں آپ کی موجودگی پاکستان میں، اگر آپ یہ سمجھتے ہیں، زیادہ ضروری ہے بجائے اس کے کہ اس پروگرام پر عمل درآمد کیا جائے۔ لہذا اس میں یہ قطعاً نہیں تھا کہ اتنے وقت کے لئے گئے تھے تو واپس جلدی کیوں آ گئے۔

وہاں جو substantive چیزیں ہوئیں، ان میں چار معاہدے ہوئے اور کل جب ان معاہدوں کی تفصیل نشر ہوئی ہے تو پوری دنیا کے ذرائع ابلاغ، سی این این سن لیں، بی بی سی سن لیں، بھارت کا زی ٹی وی دیکھ لیں، انہوں نے یہ کہا ہے کہ

ان حالات کے باوجود چین اور پاکستان کا defence production کا معاہدہ عظیم پیش رفت ہے ' جس میں ایک hitec, super seven aircraft کی development جو دونوں کی joint production ہو گی' اس کا معاہدہ ان حالات میں کرنا ایک بہت بڑی پیش رفت ہے۔ یہ صرف مغربی ذرائع ابلاغ نے نہیں کہا بلکہ خود ہندوستان کے ذرائع ابلاغ نے آج صبح بھی یہ کہا کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ان حالات میں یہ پاکستان کے لئے بہت بڑی پیش رفت تصور کی جا سکتی ہے اور اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ پاکستان اور چین کے آپس میں باہمی تعلقات کتنے مضبوط ہیں۔ ورنہ یہ ہو سکتا تھا کہ چین کہتا کہ ہم ان چار میں سے تین معاہدے تو کرتے ہیں لیکن یہ defence production کا معاہدہ اس ماحول میں نہ کریں۔ لیکن انہوں نے یہی کہا کہ یہ معاہدہ سب سے پہلے نمبر پر ہے اور یہ معاہدہ بھی ہوا۔

اس کے علاوہ جو joint press conference ہوئی ہے' دونوں کے spokesmen نے کی ہے' اس میں بھی انہوں نے یہی کہا ہے کہ کشمیر کے بارے میں چین اور پاکستان کا موقف ایک ہے۔ اس میں کوئی دو آرا نہیں ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ پاکستان کے وزیراعظم صاحب کا یہ جو دورہ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے جو چین کے ساتھ ہماری سابقہ روایات رہی ہیں' ان کے عین مطابق تھا۔ اس بارے میں کوئی ابہام کسی کے ذہن میں نہیں رہنا چاہیئے۔ اس کے علاوہ commercial and economic معاہدہ بھی ہوا ہے اور councillor cooperation کے معاہدے بھی ہوئے ہیں جو اس defence production والے کے علاوہ ہیں۔

جو Joint Press Conference ہوئی اس میں کشمیر کا بھی ذکر ہے ۔ ان دونوں نے کہا ہے کہ کشمیر کے مسئلے پر چین اور پاکستان کا موقف ایک ہے۔ اس کے علاوہ جو اسلامی دنیا ہے' اس کے بارے میں کوئی ابہام نہیں رہنا چاہئیے اور

میں جن تین چار ممالک میں گیا ہوں، میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ یہ روابط کوئی ایک دن کی بات نہیں ہوتی یہ مسلسل چلتے ہیں اور ایک دن میں نہ آپ کسی کو قائل کر سکتے ہیں نہ ایک دن میں وہ آپ کا مخالف ہوتا ہے۔

بے شمار pressure دنیا میں ہوتے ہیں لیکن کشمیر پر جو resolution وزراء خارجہ Islamic Conference meeting میں ہے جو برکینا فاسو میں شروع ہے، اس میں جو resolution ہے وہ پہلے Contact Group نے بنائی جس میں چھ ممالک ہیں، پاکستان سمیت کشمیر پر UNO میں ایک Contact Group ہے، پھر officials کی سطح پر اس کی منظوری ہوئی اور اب وہ resolution وزراء خارجہ کی Conference میں پیش کی جا رہی ہے۔ اس میں 58 ممالک ہیں اور میں قوی امید رکھتا ہوں، میں نے ماحول دیکھا ہے، مصر میں ان کے صدر صاحب سے ملاقات کر کے اور سعودی عرب میں شاہ فہد صاحب سے ملاقات کر کے اور UAE اور بحرین میں کہ وہ وزراء خارجہ وہاں جا کر اس resolution کی بھرپور حمایت کریں گے۔ مجھے اس بارے میں کوئی شک نہیں کہ انشاء اللہ تعالیٰ آج شام یا کل وہ resolution بھی pass ہو جائے گی اور وہ resolution بھی وہی ہوگی جو پاکستان کا کشمیر کے اوپر موقف ہے اور اگر یہ ہو جاتا ہے تو پھر یہ ایک بڑی پیش رفت تصور کی جائے گی۔ عام ذہنوں میں یہ خیال آتا تھا کہ شاید اسلامی ممالک بولے ہی نہیں۔ یقین کیجئے کہ میں بعض ممالک کے سربراہان سے ملا ہوں تو انہوں نے کہا کہ ہم صرف resolution تک ہی محدود نہیں رہنا چاہتے بلکہ عملی طور پر پاکستان کے ساتھ اس مرحلے پر کھڑا ہونا اپنے لئے فخر سمجھتے ہیں۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی ذہن میں اس بارے میں کوئی شک نہیں ہونا چاہئیے۔ یہ مسئلہ کیسا ہے اور اس معاملے میں ان کے ذہنوں میں کوئی ابہام ہے یا ان کو وقت پر inform کیا گیا، لہذا، وہ اپنی پالیسی اس بارے میں formulate نہیں کر سکے، ایسا نہیں ہے۔

اس کے علاوہ جو G-8 کی resolution ہے ' جب یہ resolution آئی تو عام دنیا نے کہا کہ انہوں نے یہ کہا ہے کہ line of control کے تقدس کو پامال نہ کیا جائے اور اس معاملے پر طاقت کا استعمال نہ کیا جائے اور دونوں ممالک آپس میں بات کر کے اس مسئلے کو حل کریں تو اس کے دو مطلب لئے گئے' ایک مطلب پاکستان نے اخذ کیا کہ انہوں نے کوئی ایسی چیز نہیں کہی جو پاکستان کے موقف کے خلاف ہو۔ پاکستان کا شروع سے یہی موقف ہے' اور اگر واجپائی صاحب کو وزیر اعظم پاکستان نے ٹیلیفون کیا ہے تو اس کا لب لباب بھی یہی تھا کہ ہم نے کوشش کی کہ اس ماحو ل کو درست کیا جائے اورکشمیر کے مسئلے کو پرامن طریقے سے حل کیا جائے ۔ یہ 52سال سے حل نہیں ہو سکا' شملہ معاہدے کو بھی 27 سال ہو گئے ہیں' اس معاملے کو حل کرنا چاہئیے تو اس پر پھر یہ وزراء خارجہ کی meeting بھی کروانی پڑی ۔ اگر پاکستان کا موقف کمزور ہوتا' اگر پاکستان کے پاس دلائل نہ ہوتے' اگر پاکستان کے پاس کہنے کی کوئی بات نہ ہوتی تو یقیناً پاکستان بھی وہی رویہ اختیار کرتا جو ہندوستان کر رہاہے کہ کوئی تیسرا ملک بات نہ کرے' ہم دلائل سے کوئی بات سننے کو تیارنہیں حالانکہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔ ہندوستان کے سیکرٹری خارجہ کل پیرس میں تھے اور آج وہ انگلینڈ میں ہیں اور وہ باقی ممالک میں بھی جا رہے ہیں ۔یعنی اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہندوستان کی یہ کوشش تھی کہ اس معاملے کو پاکستان internationalize کرنا چاہتا ہے لیکن دنیا میں کسی نے اس بات کو نہیں مانا اور ہر آدمی نے یہ کہا ہے' جو neutral observers ہیں انہوں نے بھی یہ کہا ہے کہ اگر ہندوستان اس مسئلے کو پرامن طریقے سے حل نہیں کرے گا اورکشمیریوں پرظلم کرتا رہے گا تو آج کی دنیا میں اس معاملے کو دنیا کی نظروں سے اوجھل رکھنا اس کے بس کی بات نہیں ہے ۔

اس سلسلے میں " واشنگٹن پوسٹ" کو میں ریفر کرتا ہوں۔ اس نے war

for peace in South Asia پر ایک editorial لکھا ہے - اس میں انہوں نے یہ لکھا ہے کہ

"Indians want it both ways to keep a tight grip on Kashmir and at the same time to deny Pakistan's efforts to internationalise the issue. The Indian would confine it to exchanges between India and Pakistan. India can sustain this rigid posture

کہ صرف باتیں ہوتی رہیں،

if at all only by systematically and credibly widening the opening for democratic government in the part of Kashmir with two third of a million troops in whole"

کہ انڈیا کی مرضی تو یہی تھی کہ وہ کسی طریقے سے سات لاکھ فوج وہاں رکھ کر ان پر ظلم بھی کرے اور دنیا اس پر کوئی آواز نہ اٹھائے اور بشمول پاکستان کوئی اس بارے میں کسی اور سے بھی بات نہ کرے - اگر بات کرنی ہے تو ہم سے کرے - یہ بات چیت تو باون سال سے ہو رہی ہے - شملہ معاہدے کے بعد بھی rounds of talks ہوئے ہیں بھٹو صاحب کے اور سورن سنگھ کے، لیکن یہ سب بے نتیجہ ثابت ہوئے - جب بین الاقوامی دباؤ بڑھتا ہے تو اس کا نتیجہ یہی ہوتا ہے کہ ہندوستان بات چیت پر آمادہ ہو جاتا ہے - اس کے بعد پھر وقت گزاری کے لئے بات چیت ہوتی ہے اور اس کے بعد معاملہ ختم ہو جاتا ہے -

پاکستان genuinely چاہتا ہے کہ اس خطے میں امن رہے - پاکستان genuinely چاہتا ہے کہ مذاکرات کے ذریعے اگر یہ مسئلہ حل ہو سکے تو حل ہو لیکن اگر حل نہیں ہوتا تو پھر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ بین الاقوامی community کی ذمہ داری ہے کہ وہ دونوں کی مدد کرے، دونوں کو مذاکرات کی میز پر لائے اور یہ کہنا کہ

کشمیر کے بارے میں کسی اور کی بات نہیں سنتے، یہ تو دنیا کی طرف سے اپنی آنکھیں بند کرنے والی بات ہے یعنی shutting out the whole world.

پاکستان کے وزیر اعظم نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل جناب کوفی عنان کو خط لکھا کہ کشمیر میں ایسی situation develop ہو رہی ہے، ابھی یہ واقعہ نہیں ہوا تھا، انہوں نے کہا کہ کشمیر میں ایسی situation develop ہو رہی ہے کہ آپ کو یہاں اپنا خاص نمائندہ بھیجنا چاہیئے جو موقع پر حالات کا جائزہ لے، جو انڈیا جا کر انکی لیڈرشپ سے بھی ملے، پاکستان سے بھی پتہ کرے اور پھر آپ کو رپورٹ دے تاکہ آپ سکیورٹی کونسل کے ارکان کو بروقت اس سے آگاہ کر سکیں۔ یہ کئی مہینے پہلے کی بات ہے لیکن ہندوستان نے کہا کہ ہم سیکریٹری جنرل کے نمائندے کو welcome نہیں کر سکتے ۔اگر اس نے اس علاقے میں آنا ہے تو پھر پاکستان جائے۔ مطلب یہ ہے کہ ہندوستان جو اس بات کی خواہش رکھتا ہے، اس بات کے لئے کوشش کر رہا ہے کہ سلامتی کونسل میں اس کو مستقل نشست دی جائے، وہ یہ رویہ اختیار کرتا ہے کہ سیکریٹری جنرل کے نمائندے، یو این او کے سسٹم، سکیورٹی کونسل کے سسٹم کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہے، اس dispute کے بارے میں، ہندوستان کے internal معاملے کے بارے میں نہیں۔

ہندوستان کی جو مشرقی ریاستیں ہیں، جن کو seven sisters کہتے ہیں، کل بھی آپ نے ہندوستان کے ٹیلی ویژن پر سنا ہوگا کہ بیشمار پولیس اور فوج والوں کو انہوں نے ہلاک کیا ہے جو بولڈو لینڈ کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ جو آسام کے طلباء ہیں They are up in arms اور وہ جگو جگو جارہنڈ کے لئے کوشش کر رہے ہیں۔ وہ تو ان کا داخلی معاملہ ہو سکتا ہے کیونکہ وہ ہندوستان کے اپنے دائرے کے اندر کے لوگ ہیں۔ ہندوستان کو انہوں نے تسلیم کیا، ایک فیڈریشن میں شامل ہوئے اور پھر اس کے بعد اگر وہ واویلا کرتے ہیں تو یہ ہندوستان کا داخلی معاملہ ہے لیکن کشمیر کیسے

ہندوستان کا داخلی معاملہ ہے ۔ انسانی حقوق کب سے ہندوستان کا داخلی معاملہ ہوگیا ہے۔

اس بات سے کسی کو انکار نہیں ہے کہ جب تقسیم ہوئی ' پاکستان اور ہندوستان بنا ' اس دلیل کا ہندوستان کے پاس کوئی جواب نہیں کہ اس وقت ریاست جموں وکشمیر نہ ہندوستان کا حصہ تھی نہ پاکستان کا حصہ تھی ۔ مہاراجہ اسے کسی کیفیت میں رکھنا نہیں چاہتا تھا بلکہ مہاراجہ اسے اپنی sovereignty میں رکھنا چاہتا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہاں کی زیادہ آبادی 87 per cent مسلمان تھی لیکن اس کی خواہش یہ تھی کہ میں اپنی ریاست کو قائم رکھوں ۔ اس نے پاکستان ' ہندوستان دونوں کو لکھا کہ انگریزوں کے ساتھ ہمارے کچھ معاہدے تھے ' وہ ہمارے communications کے انچارج تھے ' وہ ہمارے civil supply کے انچارج تھے لیکن اگر آپ میں سے کوئی اسی معاہدے کو as successor قائم رکھنا چاہے تو ہم بھی اس کے ساتھ معاہدہ کرنے کو تیار ہیں۔ ہندوستان نے اس کا جواب نہیں دیا۔ معلومات ان کی اپنی ہوں گی کہ انہوں نے کیا کرنا ہے لیکن پاکستان نے فوری طور پر قبول کیا کہ پاکستان اس معاہدے کو جو ریاست کا حکومت برطانیہ کے ساتھ تھا،قبول کرتا ہے۔ جس کے نتیجے میں ۱۴ اگست سے لے کر جب تک کہ ہندوستانی فوجیں نہیں آئی تھیں، کشمیر کے اندر تمام ڈاکخانوں پر ' تار گھروں پر' سول سپلائی کے ڈپو پر اور خوارک کے گوداموں پر پاکستان کا جھنڈا لہراتا رہا۔ اس کو کہا جاتا ہے stand still agreement between the Government of Pakistan as successor of the British Government and the Maharaja of Jammu and Kashmir.

یہ سلسلہ بھی جاری رہا لیکن اس کے بعد کشمیر کے اندر مہاراجہ پر pressure ہوا کہ وہ ہندوستان کے ساتھ الحاق کرے لیکن مسلمان نہیں چاہتے تھے۔ ہندوؤں میں سے بھی ایسے لوگ تھے جو ہندوستان کے ساتھ الحاق نہیں چاہتے تھے۔ اس لحاظ سے انہوں نے

ایک جلسہ عام کیا اور سارے کشمیر سے لوگوں کو بلایا۔ انہوں نے ایک resolution پاس کی اور انہوں نے کہا کہ ہم اپنا الحاق پاکستان کے ساتھ کرنا چاہتے ہیں لیکن مہاراجہ panic کر گیا اور وہ سرینگر چھوڑ کر جموں چلا گیا اور پھر اس نے وائسرائے کو ایک خط لکھا کہ امن وامان قائم کرنے کے لئے آپ فوجیں بھیج دیں لیکن وہ خط اب کتابوں میں ملتا ہے، documents میں موجود ہے اور وہ کوئی secret نہیں ہے اور اس میں اس نے یہ لکھا ہے ' but this doesn't mean that I am abdicating my sovereignty over the state of Jammu and Kashmir. کہ میرا اختیار اعلیٰ جموں وکشمیر کی ریاست پر ختم نہیں ہوگا۔

The Constitution of India would not apply to the State, any amendment in the Constitution of India would not apply to the State and a future constitution made by India would also not apply to the State.

جب میں نے یہ خط برطانیہ کی پارلیمنٹ میں کشمیر پر ایک گروپ کو پڑھ کر سنایا تو ان میں سے ایک صاحب بولے۔ کہ ذرا لائیے یہ کتاب میں دیکھوں۔ وہ کتاب دیکھ کر کہنے لگے کہ اس کے ہوتے ہوئے کون بے وقوف کہہ سکتا ہے کہ اس کا الحاق ہندوستان کے ساتھ ہوا ہے۔ کیونکہ اس کے جواب میں وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے جو خط لکھا تھا وہ یہی تھا کہ آپ کا خط ملا ہے۔ ہماری فوجیں وہاں پہنچ گئی ہوں گی امن و امان قائم کرنے کے لئے لیکن کشمیر کا حتمی فیصلہ کشمیریوں کی رائے سے ہوگا۔ یہ پہلا communication ہے جموں وکشمیر کے مہاراجہ اور انڈیا کی گورنمنٹ کا۔ اس میں دونوں طرف سے یہی کیا گیا۔ کوئی الحاق نہیں تھا۔

پھر جب حالات زیادہ خراب ہوئے تو پاکستان نے internationalize نہیں کیا بلکہ انڈیا اس معاملے کو سیکورٹی کونسل میں لے کر گیا اور پھر جنوری ۱۹۴۹ء

میں تاریخی قرار داد پاس ہوئی جو اس کا base ہے۔ پھر جو قرارداد پاس ہوئی جس پر ہندوستان کے دستخط ہیں، جس پر پاکستان کے دستخط ہیں، جس پر سیکورٹی کونسل کے تمام ارکان کے دستخط ہیں ماسوائے روس کے جس نے abstain کیا، مخالفت نہیں کی تھی۔ اگر وہ مخالفت کرتا تو پھر وہ پاس نہیں ہوسکتی تھی کیونکہ وہ مستقل رکن تھا۔ اس کے بعد ۱۹۵۷ء تک یہ قرارداد repeat ہوتی رہی۔ ۱۹۵۶ء میں شیخ عبداللہ کو جیل سے نکال کر پنڈت جواہرلعل نہرو نے کہا کہ آپ ریاست میں الیکشن کروائیں اور جو اسمبلی بنے اس کے ذریعے سے آپ الحاق کا اعلان کریں۔ لہذا وہاں الیکشن کی تیاریاں ہوئیں۔ پھر ۱۹۵۶ء میں پاکستان یہ مسئلہ دوبارہ لے کر گیا۔

(مداخلت)

اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ جب ۵۶ میں پاکستان وہاں گیا تو پھر resolution پاس ہوئی۔ اس میں اس پہلی resolution کو reinstate کیا گیا اور جو نئی resolution پاس کی اس میں یہی کہا کہ کشمیر کا فیصلہ کشمیریوں کی آزادانہ رائے شماری سے ہو گا اور وہ رائے شماری کسی ایک حصے میں نہیں ہو گی۔ Elections اس کے متبادل نہیں ہیں بلکہ وہ پوری ریاست کے اندر ہو گی اور وہ ایک neutral administration کے تحت ہو گی۔ یہ ۵۷ کی resolution ہے۔

پھر اس کے بعد پاکستان کے حالات بدلے، سیاسی عدم استحکام آیا۔ جس کی بناء پر یہ معاملات پھر وہیں کے وہیں رہے۔ آگے کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ تو ہم یہ کہتے ہیں کہ وہ کونسا مرحلہ تھا، مجھے انڈیا کے بہت سارے صحافی ابوظہبی میں ملے، میں نے خود ان سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا، میں نے ان سے بھی پوچھا کہ وہ کونسا point ہے کہ جسے لیکر ہندوستان یہ کہتا ہے کہ یہ ہمارا اٹوٹ انگ ہے، یہ ہمارا حصہ ہے۔ وہ کب ہوا تھا؟ کشمیریوں نے کوئی فیصلہ کیا، بین الاقوامی عدالتوں نے کوئی فیصلہ کیا، security council یا UNO نے کوئی فیصلہ کیا۔ یہ کس کا فیصلہ

ہے جو کشمیریوں کے اوپر لاگو ہو سکتا ہے۔ جس کو پوری دنیا بھی مانے گی۔

شملہ معاہدے کے بارے میں بھی یہ کہا جاتا ہے کہ شملہ معاہدے میں یہ غلط کیا کہ انہوں نے UNO کے رول کو نکال دیا۔ یہ غلط ہے۔ شملہ معاہدے کے اوپر لوگ اعتراض کرتے رہتے ہیں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ شملہ معاہدہ کی تو پہلی لائن ہی یہی ہے کہ دونوں ممالک اقوام متحدہ کے منشور کے پابند رہتے ہوئے آپس میں یہ معاہدہ کرتے ہیں کہ باہمی معاملات کو بشمول کشمیر پر امن ذرائع سے، بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کریں گے ۔ تو وہ کوئی UNO کے معاملے کو باہر نہیں نکالتا تھا۔ لیکن اس کے بعد بھی کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ 2nd July, 1972 کو شملہ معاہدہ ہوا تھا، آج اس کو بھی ستائیس سال ہو گئے ۲ جولائی آنے والی ہے اور اس میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ۔ لیکن آج سے تقریباً دس سال پہلے کشمیریوں نے ایک نئی ، آزادی کی، مزاحمت کی تحریک شروع کی ۔ ہندوستان نے طاقت کے ذریعے اس کو دبانے کی کوشش کی لیکن وہ باوجود سات لاکھ فوج کے اسے دبا نہیں سکا۔ جب میں باہر ملکوں میں گیا تو میں اپنے ساتھ نقشہ لے کر گیا ہوا تھا۔ ایک سربراہ مملکت کو جب میں نے نقشہ دکھایا کہ یہ LoC ہے اس کے دونوں طرف کشمیر ہے۔ مقبوضہ کشمیر ہے اور آزاد کشمیر ہے۔ لہٰذا اگر کشمیری اس کے اندر کسی پہاڑی کے اوپر چلے جاتے ہیں تو کیا ہندوستان پاکستان کو مجبور کر سکتا ہے کہ وہ کشمیریوں کو کہے کہ اس پہاڑی کو چھوڑ دے اور اسے ہندوستانی فوج کے حوالے کر دے۔ کیا یہ توقع کرنا کوئی عقل کی بات ہے۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ راجہ صاحب ! آپ جو بات کر رہے ہیں یہ ایک طویل بات ہے ۔ آپ چاہتے ہیں کہ اس پر بحث ہو جائے، ہم نہ اس کی تائید کرتے ہیں نہ نفی کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ آج جو جنگ کی صورت حال ہے اس کے لئے امن کی کوششوں میں آپ لوگوں نے ، آپ کی حکومت نے جو کوشش کی

ہے ، جیسے میں نے کہا ہم اس کی تردید نہیں کرتے ، وہ صحیح ہے، اس سلسلے میں کیا ہو رہا ہے۔ اگر یہ شروع کرتے ہیں کہ فلاں وقت یہ ہوا ، فلاں وقت یہ ہوا تو ممکن ہے کہ کسی کا ان کے ساتھ اختلاف ہو۔ ہم نے تمام مسائل ختم کر کے کہا کہ جنگ نہ ہو، ہم ساتھ ہیں، نہ تو کوئی آپ کی قدر کم کرتا ہے، نہ آپ کا احترام کم کرتے ہیں۔ آپ اس پر کہیں جو سب لوگوں نے کہا کہ جنگ نہ ہو اور جنگ اس طرح نہ ہو۔ اس کے بارے میں حکومت کی کیا رائے ہے۔

راجہ محمد ظفر الحق ۔ جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ یہ جو کارگل کا مسئلہ پیدا ہوا ہے یہ پاکستان کا پیدا کردہ نہیں ہے۔ ہندوستان کے مظالم کی وجہ سے کشمیریوں نے اپنی ہمت سے ان علاقوں پر قبضہ کیا ہے جو کشمیر کے اندر ہیں۔ پاکستان کی قطعا یہ خواہش نہیں ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جنگ ہو۔ اسی مقصد کے لئے وزیر اعظم پاکستان نے ہندوستان کے وزیر اعظم کو یہاں بلوایا تھا اور معاہدہ لاہور ہوا۔ یہ معاہدہ یہاں کرنے کے بعد، ایک اچھے ماحول کے بعد دہلی جا کر ہندوستان کے وزیر اعظم نے اسی دن خدا معلوم کن حالات کی وجہ سے یہ کہا کہ جب تک پاکستان ان کشمیریوں کی حمایت سے دستبردار نہیں ہوتا اس وقت تک دوستی نہیں ہوسکتی ۔ تو ہمیں اس سے دکھ ہوا ، ہمیں اس سے پریشانی ہوئی لیکن ہم نے یہ سمجھا کہ ان کی کوئی سیاسی مجبوری ہوگی۔ لیکن یہ بات اور یہ دونوں چیزیں آپس میں کوئی مطابقت نہیں رکھتیں ۔معاہدہ لاہور کی زبان کچھ اور تھی جس پر انہوں نے دستخط کیے اور دہلی میں جا کر جو کچھ کہا وہ کچھ اور تھا ۔ اس کے بعد اچانک ان کی حکومت ایک ووٹ سے گر گئی کیونکہ جمہوریت میں ایسا ہو سکتا ہے اور ان کا الیکشن سے سابقہ پڑ گیا۔ اب وہاں کیفیت یہ ہے کہ ان کی اپوزیشن ان کو یہ accuse کر رہی ہے کہ آپ سوئے رہے اور وہاں قبضہ ہو گیا اور آج تک وہ اس بارے میں کلیئر نہیں ہیں کہ قبضہ کس نے کیا، یہ ماننے کو تیار نہیں، کبھی کہتے ہیں کہ یہ کشمیری پاکستان

کی حمایت سے وہاں گئے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ افغانی آئے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ پاکستانی مجاہدین ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ پاکستانی فوج بھی یہاں موجود ہے ۔وہ اس لحاظ سے اپنا موقف صحیح طریقے سے واضح نہیں کر سکے ۔ وہاں الیکشن کا ایک ایسا ماحول ہے جس میں یہ الیکشن ایشو بن گیا ہے اور کانگریس نے بیٹھ کر یہ فیصلہ کیا کہ ہم اس کو الیکشن ایشو بنائیں گے۔ انہوں نے ان کو یہ بھی accuse کیا کہ آپ نے پہلے ایٹمی دھماکے کیے ۔ پاکستان کو آپ نے موقع دیا، اس نے بھی کیے ۔آپ نے پھر میزائلوں کا سلسلہ شروع کیا ۔ پاکستان کو بھی موقع ملا ۔ ہم نے اپنے دفاع کے لئے، اپنی سلامتی کے لئے یہ ایٹمی دھماکے کیے ہیں یا میزائلوں کا ٹیسٹ کیا ہے، صرف اپنے دفاع کے لئے کیا ہے کسی کے اوپر حملہ آور ہونے کے لئے نہیں کیا۔یہ دفاعی ہتھیار ہیں ۔ ایٹم بم دفاعی ہتھیار ہے۔ایک deterrent ہے جو کسی کے پاس موجود ہو اور دنیا میں کوئی اتنے زیادہ ملک نہیں ہیں جن کے پاس موجود ہو ۔ تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اس لحاظ سے نہیں کیا گیا کہ ہم اسے اٹھائے پھریں گے اور کسی کے سر پر دے ماریں گے ۔کل یہاں کہا گیا کہ میں نے ابوظہبی میں اخبار میں یہ بیان دیا ہے کہ اگر پاکستان کی سلامتی کو خطرہ ہوا تو ہم اس سے بھی گریز نہیں کریں گے، تو اس میں کوئی شک نہیں ۔ پھر ہم نے بنایا کس لئے ہے ۔ اگر پاکستان کی سلامتی کو خطرہ ہو تو جو بھی پاکستان کے پاس وسائل ہیں، انہیں استعمال کرنا پاکستان کا حق ہے بلکہ اس کا فرض ہے ۔ یہ کون کہہ سکتا ہے کہ آپ یہ بنا کر تو رکھیں لیکن یہ ایک ایسی مقدس چیز ہے کہ آپ کا اگر گلا بھی کاٹ دیا جائے، آپ کے اوپر حملہ بھی ہو جائے تو اس کے باوجود آپ اس کو سنبھال کر رکھیں، آپ اس کو غلاف میں لپیٹ کر رکھیں ایسا تو نہیں ہوتا۔یہ تو اسی لئے ہوتا ہے کہ دوسروں کو پتہ ہو کہ اگر ہم نے کیا تو وہ بھی کریں گے۔اگر ہم نے ان کی سلامتی کے لئے خطرات پیدا کیے تو وہ بھی کریں گے لیکن جناب چیئرمین! آپ دیکھیں گے کہ وزیر اعظم پاکستان نے اگر چین سے بات

کی ہے '، اگر امریکہ کے صدر سے بات کی ہے '، اگر برطانیہ کے وزیر اعظم سے بات کی ہے '، اگر جی ایٹ کے ممالک کے نمائندوں کے ساتھ بات کی ہے ' خطوط بھی لکھے ہیں تو سب کو ایک ہی چیز کہی ہے کہ ہم اس خطے میں امن چاہتے ہیں۔ اپنے وسائل کو اپنے لوگوں کی بہتری کے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ لہذا ہم اپنے دوستوں سے جو عالمی طاقتیں ہیں' یہ توقع رکھتے ہیں کہ اگر وہ اپنی کسی سیاسی مجبوری کی بنا پر ' اپنی کسی داخلی پریشانی کی بنا پر کوئی ایسا فعل کرنا چاہتے ہیں' یہ escalate کرنا چاہتے ہیں' اس tension کو بڑھانا چاہتے ہیں تو پھر آپ لوگوں کا فرض ہے کہ آپ اس معاملے کو روکیں ۔ یہ پاکستان کا موقف ہے جس پر پاکستان قائم ہے اور قائم رہے گا۔ لیکن اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ پاکستان نہ کشمیریوں کی حمایت سے دستبردار ہو سکتا ہے نہ اپنی سلامتی کی considerations سے دستبردار ہو سکتا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ پاکستان ان دونوں معاملوں پر قطعاً کوئی compromise کرنے کے لئے تیار نہیں ہو گا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ جناب ! مسئلہ یہ ہے کہ یہ بحث صرف ہوائی بحث نہ ہو ۔ ہمارے ملک کے اندر اور باہر کے لوگ آج کل تشویش کے ساتھ یہ سوچ رہے ہیں کہ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان جو جنگ کے شعلے بھڑک رہے ہیں یہ اسی طرح بھڑکتے رہیں گے اور اس سے ایٹمی جنگ پھیلے گی یا اس کا کوئی علاج ہو سکتا ہے ۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ آج کی ہماری یہ بات چیت ' کم از کم جس حد تک ہو سکے' کسی نتیجے پر پہنچے ۔ ہم یہ تسلیم کرتے ہیں اور اپنے محترم ' معزز 'دیانتدار اور قابل لیڈر آف دی ہاؤس کی اس بات پر بات نہیں کریں گے کہ بھارت جنگ چاہتا ہے اور پاکستان امن ۔ صحیح ہے ۔ میرا سوال یہ ہے کہ اس کے باوجود کہ پاکستان امن چاہتا ہے اور ہندوستان جنگ کرنا چاہتا ہے ' اس بحث کے باوجود ملک میں کیا تاثر

ہے ، کیا فضا اور عالم ہے ۔ وہ یہ ہے کہ یہ جنگ نہ ہو۔

دوسری بات یہ ہے کہ کوئی لاکھ کہے ، اندازہ یہ لگایا جاتا ہے اور آسانی سے لگایا جا سکتا ہے کہ ایک دباؤ ہے ، ایک پریشر ہے پاکستان پر جو کے اُس طرف کم ہے اور اس طرف زیادہ ہے ۔ اگر میں یہ نہ کہوں تو حقائق سے چشم پوشی ہوگی۔ ہم نے پاکستان کو قائم کیا اور اس کو مستحکم نہ کرسکے تو خودفریبی اور عوام فریبی ہوگی ۔ صاف کہنا چاہیئے -----

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین۔وقت کم ہے ، اور بھی items ہیں ۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔اگر نہیں بولنے دینا تو میں بیٹھ جاتا ہوں ۔ ویسے ایک دو سوالات ہیں ۔ جناب ! یہ مسئلہ ہے اور لوگ اسے سمجھنا چاہتے ہیں ۔ ہمیں ایسا کچھ کہنا چاہیئے تاکہ لوگوں کی تسلی ہو۔ غلط ہے یا صحیح ہے لیکن عام تاثر یہ ہے کہ پاکستان پر دباؤ اور pressure ہے ۔ کیا پریشر ہے ؟ میں کہوں یا نہ کہوں لوگ جانتے ہیں کہ کیا پریشر ہے ۔ ہم اس پر جتنے فریب ، دھوکے ، میڈیا کے پردے ڈالیں۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا ۔ پریشر ہے اور پریشر بے نتیجہ نہیں رہے گا کیونکہ یہ ان عالمی طاقتوں کی طرف سے ہے جن کا پریشر نتیجہ خیز ہوتا ہے ۔ سوال یہ ہے کہ اگر پریشر ہے ، اگر کوئی کہے نہیں ہے تو میری بات ختم ہو جاتی ہے ۔ دنیا اور پاکستان دیکھے گا کہ پریشر ہے کہ نہیں ، فیصلہ کوئی ہوگا ، آپ کہیں نہیں ہوگا ۔ دیکھیں گے کہ ہوگا کہ نہیں ہوگا ۔ سوال صرف یہ ہے کہ فیصلہ درپردہ نہ ہو ۔ میں نے کہا کہ کتنے فیصلے ہوئے ہیں ، میں تاریخ دہرانا نہیں چاہتا ۔ اچھے فیصلے ہوئے ہیں ، اس سے بہتر اور خیر کے فیصلے ہوئے ہیں لیکن ان سے شر کے نتائج نکالے جاتے ہیں ۔ فیصلے ہو جاتے ہیں لیکن ان پر عمل نہیں ہوتا ۔ وہ کیوں ؟ وہ اس لئے کہ یہ درپردہ ہو جاتے ہیں ۔

میرا پہلا سوال یہ ہے اور یقین ہے کہ آپ تسلی بخش جواب دیں گے ، کیا

بین الاقوامی بھرپور دباؤ کے تحت درپردہ معاملہ کی کوششیں نہیں ہو رہیں اور نہیں ہونگی ؟ دوئم ۔ وہ بین الاقوامی پریشر، جس کی طرف میں نے اشارہ کیا ، کیا وہ پریشر ہے ؟ وہ ہو تو اس کے نتیجے میں ہم امن چاہتے ہیں ۔ اس کے نتیجے میں ہمیں جو امن دیا جا رہا ہے یا دیا جا رہا ہوگا وہ امن درپردہ ہوگا ۔ اس کا صرف چند افراد کو علم ہوگا یا پوری قوم کو ؟ اور وہ امن یا وہ فیصلہ جو بین الاقوامی قوتیں کریں گی 'دوست ہو، دشمن ہو ' حالات جس طرف بڑھ رہے ہیں وہ pressure اور نتیجے کی کوشش کرے گا۔ اگر کوئی فیصلہ ہے تو امن کے لئے ہے کیونکہ ہم امن چاہتے ہیں، تو اس کے لئے درپردہ ہو گا ، چند افراد کو اس کا علم ہو گا، قوم اس پر مطمئن ہو گی، قوم کو اعتماد ہو گا کہ نہیں؟ اگر ہو گا تو جو بھی فیصلہ ہے ، میں نے پہلے کہا کہ امن کے لئے risk لینا چاہیئے ، جو بھی فیصلہ ہو گا وہ نتیجہ خیز ہو گا اگر نہیں تو شر سے ہو گا ۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ جو بھی فیصلہ ہو گا اس میں یہ دیکھا جائے ، لوگوں کو یہ تسلی ہو کہ کس ضرورت کے تحت ہو رہا ہے ، کس مصلحت کے تحت ہو رہا ہے، کس سیاست کے تحت ہو رہا ہے اور اس کے پیچھے اور کیا کچھ ہے۔ اگر یہ نہ ہو سکا تو لاکھ کہیں کہ امن چاہتے ہیں ، بلاشبہ ہم تائید کرتے ہیں جتنی کوششیں حکومت نے امن لانے کے لئے کیں، ہم دعا کرتے ہیں کہ وہ کوششیں کامیاب ہوں ، ہم ان کوششوں میں ان کے ساتھ ہیں لیکن میں یہ چند الفاظ ، چند فقرے آپ کے سامنے ، قوم کے سامنے نہ رکھتا تو میرے ضمیر پر بوجھ ہوتا۔ جس طرف ہم جا رہے ہیں اس کے نتیجہ میں قوم کو آپ جواب دے دیں کہ جو سوالات میں نے کئے ان کے کیا جوابات ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جناب۔

Mian Raza Rabbani: I won't take more than one minute, I literally take one minute.

راجہ صاحب سے نہایت احترام سے میں یہ بات عرض کروں گا کہ ان کی جو تقریر تھی

اس میں انہوں نے اور تمام باتیں کیں لیکن جو بات ابھی خٹک صاحب نے کہی اور جو بات تمام اپوزیشن کہہ رہی ہے یا اخبارات لکھ رہے ہیں اور جو بات ان کے اپنے Foreign Minister نے briefing کے تحت کہی ہے جو اخبارات میں رپورٹ دی ہے ' اس بات کو انہوں نے ایک طرح سے contradict کیا جو کہ Foreign Minister نے کہی ہے - یہ میرے پاس 26 جون کا اخبار "ڈان" موجود ہے جس میں انہوں نے unequivocal terms میں یہ بات کہی ہے کہ ہم پر دباؤ western conuntries and United States کا موجود ہے۔ تو ہم یہ کہتے ہیں کہ جب دباؤ موجود ہے تو پارلیمنٹ اور قوم کو آپ کیوں نہیں اعتماد میں لے رہے کہ وہ کیا دباؤ ہے۔ دوسری بات جو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کل پاکستان کے Foreign Office میں categorical denial دی گئی کہ نیاز اے نائیک مشن کا تعلق فارن آفس یا پاکستان گورنمنٹ سے نہیں ہے لیکن آج مختلف stories دی گئی ہیں with a direct purpose اور ان میں گورنمنٹ sources نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ yes, back diplomacy جو ہے

that is taking place and Niaz Naik went, not only Niaz Naik but there was another Indian Journalist who came here, Misra, and he was accompanied by a Director of the Foreign Office, he met the Prime Minister in Lahore. So, the nation has a right to know and we want to know, Parliament wants to know that why was this back channel diplomacy adopted, what was the need and what action this government is going to take against the Foreign Office.

جس نے کل پوری قوم کو دھوکہ دیا ' پارلیمنٹ کو چھوڑیں ' کل پوری قوم کو دھوکہ دیا

گیا کہ نہیں جی، ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے اور آج اسی فارن آفس کے officials یہ admit کرتے ہیں کہ ہاں ! back channel diplomacy ہو رہی ہے۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ چلیئے ، آپ اگر کہہ چکے ہیں تو پھر میں گزارش کروں گا کیونکہ یہ نہ ہو کہ آپ ساری بات کہنے کے بعد یہ کہیں کہ اب ٹائم نہیں رہا اور کافی دیر ہو گئی ہے ، اور بھی item ہیں۔ مٹہ صاحب آپ کو یاد ہے ، مجھے بات تو کرنے دیں ، کوئی طریقہ بھی تو ہوتا ہے۔

جناب بشیر احمد مٹہ: آپ کے سامنے چیئرمین صاحب نے کہا کہ بارہ بجے ہم بحث شروع کریں گے ۔ یہ تسلیم کریں کہ نہیں کہا۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں ۔

راجہ محمد ظفر الحق: لیکن Time limit صرف ایک side پر ہی لاگو ہوتی ہے مٹہ صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹہ: اگر چیئرمین صاحب ایک بات فرمائیں گے ---

راجہ محمد ظفر الحق: کاش ! آپ خود وہاں بیٹھے ہوتے اور آپ کہتے تو پھر بات---

جناب بشیر احمد مٹہ: میں ان کو صرف وہ یاد دلاتا ہوں۔ راجہ صاحب آپ بات کریں۔

راجہ محمد ظفر الحق: آپ ایک طرف سے کیوں یاد دلاتے ہیں ۔ گزارش یہ ہے کہ میں ممکن ہے پانچ منٹ بھی نہ لوں۔ پہلی گزارش یہ ہے کہ جن خیالات کا اظہار اجمل خٹک صاحب نے فرمایا ہے میں ان کی بھرپور طریقے سے قدر کرتا ہوں ۔ اس لحاظ سے کہ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان جنگ کے خدشے کو رفع کرنے اور امن قائم کرنے کی بات کی ہے ۔ اس میں اور حکومت کی پالیسی میں کوئی اختلاف نہیں ہے ۔ اب جو طریقے اختیار کئے جا رہے ہیں ان سے آیا اس بارے میں کامیابی ہوتی ہے یا نہیں ۔

اگر تو یہ دونوں ملکوں کے درمیان ہی رکھا جائے کہ یہ آپس میں امن قائم کریں یا آپس میں جنگ کریں تو پھر یہ بہت بڑا خطرہ ہے۔ پھر اس possibility کو رد نہیں کیا جاسکتا کہ جیسے ان کی افواج نے کہا ہے کہ ہم نے اپنی گورنمنٹ کے اوپر چھوڑ دیا ہے، جب وہ ہمیں اجازت دیں گے تو ہم لائن آف کنٹرول کو کراس کریں گے۔ لیکن اس کے روکنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ ادھر International Community کو یہ کہا جائے کہ وہ ہندوستان کو کسی ایسی حرکت سے روکے اور اس کے لئے پوری دنیا میں ان ممالک کو جو ہندوستان کے اوپر اثر رکھ سکتے ہیں، جو اس سے بات منوا سکتے ہیں، ہم نے ان سے یہ کہا ہے اور اسی کا نتیجہ ہے کہ اس وقت تک یہ معاملہ ایک خاص حد تک رکا ہوا ہے اور آگے نہیں بڑھا۔

یہ ایسے نہیں ہے کہ آپس میں کوئی ایسی بات ہوگئی تھی یا ان کی اپنی سوچ ایسی تھی، ایسا نہیں تھا۔ انہوں نے پورا زور لگایا، ان کا یہ خیال تھا کہ ایک پہاڑی ہے اس سے ہم لوگوں کو نکال دیں گے۔ سات لاکھ ہماری فوج ہے۔ اور اتنے بڑے ہندوستان کے لئے بڑی بے عزتی کی بات ہو گی اگر یہ آدمی دو تین دن میں نہ نکلے۔

جناب چیئرمین! انہوں نے massive air strike کئے۔ لیکن جب ان کے دو جہاز گر گئے، ایک ہیلی کاپٹر یہاں گرا، کچھ جہاز مقبوضہ کشمیر کے اندر گر گئے تو پھر انہوں نے اپنی ایئرفورس کو کہا کہ وہ دوسری طرف کراس نہ کریں اور نہ نیچی پرواز کریں۔ وہ پہلے کہتے تھے کہ یہ معاملہ چند دن کا ہے اور اب کہتے ہیں چند مہینے بھی اس پر لگ سکتے ہیں۔ لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ جہاں تک یہ معاملہ بڑھ چکا ہے اور اس وقت تک کچھ زیادہ نہیں بڑھا ہے تو اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ بین الاقوامی کمیونٹی نے پاکستان کو بھی کہا ہے، ہندوستان کو بھی کہا ہے کہ آپ اس معاملے کو زیادہ escalate نہ کریں اس کو جنگ کی حد تک نہ لے جائیں اور اس معاملے کو آپس میں بیٹھ کر طے کرنے کی کوشش کریں۔ اب یہ ہے کہ وہ کیا حالات یا کیا سوال

ہوں گے جو آپس میں بیٹھ کر حل کئے جائیں گے۔ ہندوستان نے صرف ایک ہی رٹ لگائی ہوئی ہے کہ صرف کارگل کے مسئلے پر بات ہوگی کسی اور مسئلے پر بات نہیں ہوگی۔ہم یہ کہتے ہیں کہ کارگل کا مسئلہ کشمیر سے باہر تو نہیں ہے ۔ اس لئے کوئی ایسا Time Table ہونا چاہیے' کوئی ایسا طریقہ ہونا چاہیے جس سے اصل مسئلے کے حل کی طرف پیش رفت ہوسکے۔ لیکن یہ ساری باتیں ہوتے ہوئے ہمارا سارا زور اسلامی ممالک کے ساتھ ہو' مغربی ممالک کے ساتھ ہو اڑوس پڑوس کے ممالک کے ساتھ ہو کہ وہ ہندوستان کو یہ باور کروائیں کہ اگر اس نے اپنی کسی داخلی مجبوری کی بناء پر یا کسی غلط فہمی کی بناء پر اس معاملے کو چھیڑا تو برصغیر کے خطے میں ایک بہت بھیانک جنگ ہوسکتی ہے ۔ اس سے اس کو اجتناب کرنا چاہیے ۔ پاکستان امن کے لئے بے حد کوشش کرے گا اور آخری حد تک جانے کو تیار ہے لیکن نہ کشمیریوں کے حق پر کوئی سودے بازی ہوسکتی ہے نہ پاکستان کی سلامتی کے خلاف۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی مٹہ صاحب ! آپ کچھ بولنا چاہیں گے۔

جناب بشیر احمد مٹہ : جناب چیئرمین ! میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آخر کار آپ نے یہ مناسب سمجھا کہ جو ہمارا پختونخواہ کا مسئلہ ہے جو آپ کے ملک کا ایک صوبہ ہے اور جس کے آئین میں کچھ حقوق ہیں ' ہمارے محترم وزیر صاحب نے ہمیں ڈوگرہ راجہ صاحبان کی کہانیاں سنائیں کہ کس طرح انہوں نے کشمیریوں کو اپنے حقوق سے محروم کیا لیکن آپ کے اپنے چراغ تلے اندھیرا ہے اور آپ ان لوگوں کو جو مسلمان ہیں، مخلوق ہیں خدا کی-----

جناب اقبال ظفر جھگڑا. اس بات کی تصیح کی جائے کہ ابھی پاکستان میں پختونخواہ صوبہ کوئی نہیں ہے۔ اگر یہ پختونخواہ کے لفظ سے پکاریں گے تو یہ آئین کی خلاف ورزی ہے اور آئین کی خلاف ورزی ہم نہیں مان سکتے ہیں۔ جب تک یہ پاس نہیں ہوگا ہم اس کو نہیں مانیں گے۔ صوبہ سرحد کے نام سے اسے پکاریں گے۔ یہ

پختونخواہ نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : بیٹھیں جی۔

جناب اقبال ظفر جھگڑا : اس پر چیئرمین کی رولنگ موجود ہے کہ فلور آف دی ہاؤس پر پختونخواہ کے نام سے صوبہ سرحد کو نہیں پکارا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ بیٹھیں ورنہ میں اس ہاؤس کو ایڈجرن کروں گا۔

جناب بشیر احمد مٹہ : آپ میری بات سنیں، میں اس کا جواب دیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ بیٹھیں، میں رولنگ دیتا ہوں، اس ہاؤس کو مچھلی بازار نہ بنائیں۔ عباسی صاحب بیٹھیں۔ راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق : میں بات کرتا ہوں۔

(مداخلت)

میاں رضا ربانی : یہ [*******] کس طرح سے کہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس لفظ کو expunge کیا جائے اور آئندہ اس طرح کے الفاظ استعمال نہ کئے جائیں۔ آپ اپنے الفاظ واپس لیں۔

راجہ اورنگزیب : واپس لیتا ہوں۔

جناب سرانجام خان : پختونخواہ کو بھی واپس لیا جائے یہ بھی غیر آئینی ہے۔ اس کو بھی واپس لیا جائے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : دیکھیں! اگر آپ لوگ یہاں پر نہیں بیٹھیں گے

---

*(***** These words are expunged by the orders of the Chair).*

تو میں اس ہاؤس کو ایڈجرن کر دوں گا۔ جی راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفرالحق ، میں گزارش کرتا ہوں کہ یہ درمیان میں جو سلسلہ ہو گیا یہ نہیں ہونا چاہیئے تھا۔ نہ ادھر سے طیش دلانا چاہیئے تھا نہ ادھر سے اس کا جواب آنا چاہیئے تھا۔

(مداخلت)

راجہ محمد ظفر الحق ، عباسی صاحب نے وزیر اعظم صاحب کے بارے میں کہا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین ، میری last warning ہے۔ اگر آپ لوگ نہیں بیٹھیں گے تو میں اس ہاؤس کو ایڈجرن کر دوں گا۔

راجہ محمد ظفر الحق ، میرا خیال ہے کہ اصل مسئلے کے اوپر آجائیں بجائے اس کے کہ جو سلسلہ چل نکلا ہے۔

(مداخلت)

راجہ محمد ظفر الحق ، اگر چیئر کو کنٹرول کرنے دیا جائے تو زیادہ بہتر رہتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، اگر آپ دونوں اپنی باتوں کو ختم نہیں کریں گے تو میں اس کو ختم کر دوں گا۔

راجہ محمد ظفر الحق ، نہیں سر، آپ اس طرح نہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، اگر آپ دونوں طرف سے اس طرح جذباتی ہونگے تو میں اس ہاؤس کو ایڈجرن کر دوں گا۔ یہ میری last warning ہے ۔ جی، راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق ، جس issue کے لئے یہ وقت رکھا گیا تھا میرے

خیال میں اس کے اوپر بات کی جائے تو زیادہ بہتر ہوگا۔ میں نے دونوں وزراء کرام کو بلایا ہے، وزیر خزانہ بھی موجود ہیں اور وزیر برائے واٹر اینڈ پاور بھی موجود ہیں۔ اس پر بات کریں تو زیادہ بہتر ہو گا۔

(مداخلت)

جناب نثار محمد خان، پختونخواہ کو expunge نہیں کریں گے تو ہم صوبہ سرحد کے مسلم لیگی واک آؤٹ کر جائیں گے۔ آپ اس کو expunge کریں۔ ہم واک آؤٹ کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، میری last warning تھی

This House should be adjourned for tomorrow till 4 'O clock.

-----------------------------

*[The House was then adjourned to meet on Wednesday, July 01,1999*

*at 4 of the clock in the evening]*

-----------------------------------